CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد: 19 | ہفتہ، 6 جون 2026ء 20 ذوالحج 1447ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 157

ٹرمپ ہمیشہ امن کے داعی یاد رکھے جائیں گے

شہباز شریف

وزیراعظم کا امریکی سفارتخانے میں بڑا دھماکہ، ڈونلڈ ٹرمپ کو تاریخ کا سب سے بڑا امن کا داعی قرار دے دیا، پاک بھارت جنگ رکوانے پر امریکی کردار کا اعتراف

پاک بھارت جنگ بندی کا بڑا راز فاش، شہباز شریف کا سنسنی خیز انکشاف، پچھلے سال بھارتی جارحیت کے بعد صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی بروقت مداخلت نے پاکستان کو بڑی جنگ سے بچایا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ہمیشہ 'امن کے داعی' کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ امریکی سفارتخانے میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں قیام امن کیلیے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے کردار کے شکر گزار ہیں، پچھلے سال بھارت نے پاکستان پر جارحیت مسلط کی تو ان کی بروقت مداخلت سے دونوں ممالک میں جنگ بندی ہوئی، دعا گو ہیں کہ جلد خطے میں پائیدار امن قائم ہو۔ شہباز شریف نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی انتھک کوششوں کو بھی سراہتے ہیں، وہ علاقائی امن واستحکام کیلیے پاکستان کی کوششوں کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ امریکی سفارتخانے میں تقریب سے خطاب میں وزیر اعظم نے حکومت پاکستان اور عوام کی (بقیہ نمبر 1)



موسمیاتی تبدیلی ملکی معیشت اور صحت کے لیے بڑا خطرہ

صدر زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کا ماحولیاتی تحفظ کے لیے مربوط اقدامات کی ہدایت

اسلام آباد: (نیوز ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی صحت، معیشت اور خوراک کے لیے بڑا خطرہ ہے۔ صدر مملکت (بقیہ نمبر 4)

نادرا نے 42 لاکھ شناختی کارڈ منسوخ کر دیئے

وفات یافتہ افراد کا ڈیٹا سول ریکارڈ کے مطابق قومی ڈیٹا بیس سے خارج

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نادرا نے 42 لاکھ شناختی کارڈ منسوخ کر دیئے، یہ وہ شناختی کارڈز ہیں جن کے حامل افراد سول ریکارڈ کے مطابق وفات پا چکے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل (بقیہ نمبر 3)

کوکین کوئن سے رابطے: سی ٹی ڈی اہلکار برخاست

محکمے کی کالی بھیڑوں کا کچا چٹھا کھل گیا، موبائل فارنزک سے جرم ثابت

کراچی (نیوز ڈیسک) کوکین کوئن انمول پنکی سے رابطوں پر 2 سی ٹی ڈی اہلکاروں کو ملازمت سے برخاست کرنے کی سفارش کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ نے اپنے ہی محکمے میں موجود کالی بھیڑوں کے خلاف بڑا ایکشن لیتے ہوئے بدنامِ زمانہ مبینہ ملزمہ 'انمول عرف پنکی' سے خفیہ رابطے اور سہولت کاری کے الزام میں 2 اہلکاروں کو ملازمت سے برخاست کرنے کی باضابطہ سفارش کر دی ہے۔ سی ٹی ڈی ذرائع نے بتایا کہ ملازمت سے برخاستگی کا (بقیہ نمبر 43)

وزیراعلیٰ کا بڑا اعلان: سرسبز بلوچستان کے لیے اقدامات شروع

کوئٹہ: (نیوز ڈیسک) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یومِ ماحولیات کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ ماحولیات کا تحفظ انسانی بقاء، معاشی ترقی اور آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے۔ میر (بقیہ نمبر 44)

ہمیں اتنا نہ دبائیں کہ سسٹم سے باہر نکلنے پر مجبور ہو جائیں، بیرسٹر گوہر

انتخابی مہم نہ چلانے دینا پری پول دھاندلی ہے اور جمہوریت کے خلاف کھلی سازش قرار دی گئی ہے

لیڈرز ایم این ایز کو روکنا یا صوبہ بدر کرنا آئین کی خلاف ورزی اور جمہوریت کے خلاف ہے

گلگت (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ ہمیں اتنا نہیں دبائیں کہ سسٹم سے باہر نکلنے پر مجبور ہو جائیں۔ گلگت بلتستان میں کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ یہ سوچنے پر مجبور نہ کریں کہ ہمارا سسٹم میں رہنے کا کیا فائدہ، پھر ہم اسمبلیوں اور سینیٹ سے بھی باہر نکلنے پر مجبور ہوں گے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پی ٹی آئی کو انتخابی مہم نہ چلانے دینا پری پول دھاندلی ہے، لیڈرز اور ایم این ایز کو روکنا یا صوبہ بدر کرنا نہ صرف خلاف آئین ہے بلکہ جمہوریت کے خلاف سازش ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ جو اپنے حلقے (بقیہ نمبر 42)

وزیر خزانہ نوجون کو ملکی اقتصادی سروے پیش کریں گے

بجٹ پر پیپلز پارٹی اور حکومت کے درمیان شدید ڈیڈ لاک تاحال برقرار ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب بجٹ سے ایک روز قبل یعنی 9 جون کو ملکی 'اقتصادی سروے' پیش کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے آئندہ مالی سال کا بجٹ پیش کرنے کی تیاریاں مکمل کر لیں، جس کے تحت قومی اسمبلی کا بجٹ اجلاس (بقیہ نمبر 5)

حکومت کا بڑا فیصلہ اسلام آباد کی الگ اسمبلی قائم ہوگی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک): وفاقی حکومت نے دارالحکومت اسلام آباد کے انتظامی ڈھانچے میں تبدیلی اور الگ قانون ساز اسمبلی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اے آر وائی نیوز (بقیہ نمبر 2)

انمول پنکی لاہور سے گرفتار بدنامی سندھ پولیس کی ہوئی

قائمہ کمیٹی اجلاس میں منشیات اور گٹکے پر پابندی کے قانون پر بحث

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ پولیس نے قائمہ کمیٹی میں انمول پنکی کی لاہور سے گرفتاری کا اعتراف کر لیا، جس پر سوال اٹھایا گیا کہ پنکی کو لاہور سے پکڑا گیا تو ہر جگہ سندھ کا نام کیوں بدنام کیا گیا؟ تفصیلات کے مطابق سندھ اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کے اجلاس کا (بقیہ نمبر 6)

چھوٹے کاروباری افراد کے لیے ایس ای سی پی کی خوشخبری

اسٹاک ایکسچینج سے سرمایہ حاصل کرنے کے لیے آئی پی او شرائط میں نرمی

کراچی (نیوز ڈیسک) ملک میں چھوٹے کاروباری افراد کے لیے بڑی خوشخبری ہے کہ وہ اپنے کاروبار کے لیے آسانی سے سرمایہ حاصل کر سکتے ہیں۔ سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے چھوٹے کاروباروں کی سرمائے کے حصول کے لیے اسٹاک ایکسچینج تک رسائی (بقیہ نمبر 7)

آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے بھیس میں بانوے ہزار سائبر حملے

عالمی سیکیورٹی کمپنی کیسپرسکی نے جعلی چیٹ جی پی ٹی ایپلی کیشنز کا بھانڈا پھوڑ دیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سال 2026 میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے بھیس میں 92000 سائبر حملوں کا انکشاف سامنے آیا۔ تفصیلات کے مطابق عالمی سائبر سیکیورٹی (بقیہ نمبر 8)

آئی ایم ایف کا بم گر گیا، کتابیں قلم مہنگے

آئی ایم ایف کے حکم پر وفاقی حکومت کا غریب دشمن اقدام، یکم جولائی سے اسٹیشنری پر سیلز ٹیکس اٹھارہ فیصد کرنے کی منظوری، غریب کا بچہ تعلیم سے مکمل محروم ہو جائے گا

عوام پر مہنگائی کا ایک اور خوفناک بم گرانے کی تیاری، فنانس بل دو ہزار چھبیس میں تعلیمی سامان پر ٹیکس کی رعایت ختم، کاپیاں، رجسٹر، قلم اور پینسلیں انتہائی مہنگی ہوں گی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) مالی سال برائے سال 27-2026 کے وفاقی بجٹ کے بعد ملک میں تعلیم کا حصول مزید مہنگا ہونے کا امکان ہے۔ ملک میں غریب اور متوسط طبقے کے لیے تعلیم کا حصول پہلے ہی مشکل ہے لیکن بجٹ کے بعد اس کے مزید مہنگا ہونے کا امکان ہے جس سے تعلیم کا حصول مزید مشکل ہو جائے گا۔ اے آر وائی نیوز کو ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق آئی ایم ایف نے اسٹیشنری پر 10 فیصد سیلز ٹیکس کی رعایت ختم کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے، جس کے باعث بجٹ کے بعد یکم جولائی سے اسٹیشنری آئٹمز پر سیلز ٹیکس 18 فیصد کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف کے مطالبے پر وفاقی حکومت فنانس بل 2026 میں اسٹیشنری پر سیلز ٹیکس 10 سے بڑھا کر 18 فیصد کرنے پر غور کر رہی ہے۔ اگر اسٹیشنری آئٹمز پر سیلز ٹیکس بڑھا کر 18 فیصد کیا جاتا ہے تو پھر یکم جولائی سے کاپیاں، رجسٹر، قلم، پینسل اور دیگر تعلیمی و دفتری سامان کی قیمتوں (بقیہ نمبر 9)

سیٹ 40 کروڑ کی بکے گی تو کون الیکشن میں حصہ لگا اچکزئی

حکمران ملک چلانے کا درست طریقہ نہیں جانتے عوام کو حق حکمرانی دینا ہوگا وسائل تقسیم انصاف ہوں

ایران امریکا جنگ کی صورت میں پاکستان افغانستان اور ایران متاثر ہوں گے علاقائی اتحاد اور امن کی ضرورت ہے

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ 28 ویں ترمیم بہت بڑی غلطی ہوگی، پہلے ہی آئین کا بیڑا غرق کر دیا گیا ہے۔ محمود خان اچکزئی نے کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئی کہا کہ پتہ نہیں حکمران کس طرح سے ملک چلانا چاہتے (بقیہ نمبر 13)

روسی صدر ولادیمیر پوتن نے بھارتی میڈیا کو آئینہ دکھا دیا

ماسکو (نیوز ڈیسک) روسی صدر نے بھارت کے گودی میڈیا کو آئینہ دکھاتے ہو (بقیہ نمبر 16)

امریکا اور اسرائیل نے اماراتی سرزمین ہمارے خلاف استعمال کی: ایران

تہران: (دنیا نیوز، ویب ڈیسک) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اپنے (بقیہ نمبر 15)

پُرامن دنیا کی جانب بڑھنے کے لیے سرحدوں کی حفاظت ضروری ہے: محسن نقوی

بشکیک: (دنیا نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی (بقیہ نمبر 14)

بجٹ رعایتی جی ایس ٹی ختم ہونے کا امکان قیمتوں میں اضافے کا خدشہ

حکومت ٹیکس نیٹ بڑھانے محصولات میں اضافہ کے لیے نئی مالیاتی اصلاحات کے تحت رعایتی جنرل سیلز ٹیکس ختم کرنے غور

ذرائع کے مطابق ادویات کی تیاری میں استعمال خام مال پر ٹیکس پالیسی تبدیلی سولر سیلز و مراعات ختم کرنے غور

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی بجٹ میں حکومت کے تحت مختلف شعبوں کو دی گئی ٹیکس مراعات اور رعایتی سیلز ٹیکس شرحوں پر نظرِ ثانی کے امکانات سامنے آئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق حکومت ٹیکس نیٹ کو بڑھانے اور محصولات میں اضافے کے لیے نئی مالیاتی اصلاحا (بقیہ نمبر 17)

ایران سے افزودہ یورینیم معاہدہ کیے بغیر بھی حاصل کیا جا سکتا ہے: ٹرمپ

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے (بقیہ نمبر 20)

اسرائیل کے جنگ بندی اعلان کے باوجود لبنان پر حملے، 8 افراد شہید

بیروت (نیوز ڈیسک) اسرائیل اور لبنان کے درمیان جنگ بندی کے اعلان (بقیہ نمبر 19)

اقوام متحدہ مشن کی حمایت کے لیے جرمن جنگی بحری جہاز لبنان روانہ کر دیا

برلن، بیروت (نیوز ڈیسک) جرمنی نے لبنان میں اقوام متحدہ مشن کی حمایت (بقیہ نمبر 18)

پاکستان کیساتھ برادرانہ تعلقات بھارت کیلئے مسئلہ نہیں ہونے چاہئیں ترکیہ

بھارت کو پاکستان ترکیہ تعلقات کو اپنے خلاف دشمنی یا اقدام کے طور پر نہیں دیکھنا چاہیے سمجھنا چاہیے

ترک وزیر خارجہ نے کہا اگر کسی ملک کے تعلقات پر بھارت ناراض ہو تو اس رویے پر سوال اٹھتے ہیں

سنگاپور (مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان نے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ ترکیہ کے قریبی اور برادرانہ تعلقات بھارت کے لیے مسئلہ نہیں ہونے چاہئیں۔ بھارتی جریدے کے مطابق سنگاپور میں انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ فار اسٹریٹجک اسٹڈیز کے پروگرام (بقیہ نمبر 21)

اداکارہ مومنہ اقبال ہراسگی کیس میں لیگی ایم پی اے سرخرو

لاہور (نیوز ڈیسک) اداکارہ مومنہ اقبال کو ہراساں کرنے کے مقدمے میں نامزد پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی اسمبلی کے رکن ثاقب خان کی عبوری ضمانت منظور کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق سیشن کورٹ لاہور نے اداکارہ مومنہ اقبال کو ہراساں کرنے کے مقد (بقیہ نمبر 22)

ماحولیاتی بحران سے نمٹنے کے لیے بجٹ میں کوئی نیا منصوبہ نہیں

حکومت کی جانب سے کلائمیٹ چینج ڈویژن کے لیے صرف پونے تین ارب مختص

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان ماحولیاتی تبدیلیوں کے شدید خطرات کے باوجود نئے وفاقی بجٹ میں اس بحران سے نمٹنے کے لیے کوئی نیا بڑا منصوبہ شامل نہیں کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان ماحولیاتی تبدیلیوں کے شدید خطرات کا شکار دنیا کے صفِ اول کے ممالک میں شامل ہے، تاہم اس سنگین صورتحال کے باوجود نئے وفاقی بجٹ میں اس بحران سے نمٹنے کے لیے کوئی نیا بڑا منصوبہ شامل نہیں کیا گیا۔ بجٹ دستاویزات میں بتایا گیا کہ وفاقی حکومت نے آئندہ مالی (بقیہ نمبر 23)

وہ پنجاب کے حقوق پر سودا کرنے کو تیار، جی بی کو بھی بیچ دینگے، بلاول

کہ اقتدار میں آ کر گلگت بلتستان میں روزگار صحت اور ہاؤسنگ کے بڑے منصوبے شروع کیے جائیں گے

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کو بڑی کامیابی قرار دیتے ہوئے فنڈز بڑھانے اور پن بجلی منصوبوں پر زور دیا ہے

غذر (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وہ پنجاب کے حقوق پر سودا کرنے کو تیار، جی بی کو بھی بیچ دینگے، اٹھارہویں ترمیم کے تحت گلگت بلتستان کو مزید حقوق دلوانا پیپلز پارٹی کا ہدف ہے۔ غذر میں ایک بڑے انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا گلگت بلتستان کے عوام کے ساتھ نسلوں پر محیط تعلق ہے اور غذر کے عوام اور پیپلز پارٹی کا رشتہ بہت پرانا ہے، اس بار کوئی ان سے نشست نہیں چھین سکے گا اور غذر کی تینوں نشستیں پیپلز پارٹی جیتے گی۔ بلاول بھٹو نے عوام سے اپیل کی کہ انہیں گلگت بلتستان میں بھاری اکثریت دلوائی جائے تاکہ وہ حق ملکیت، حق حاکمیت اور دیگر آئینی حقوق کے حصول کو یقینی بنا سکیں، صدر مملکت آصف علی زرداری نے گلگت (بقیہ نمبر 26)

سکیورٹی فورسز کی بڑی کارروائی، چار خوارج دہشتگرد ہلاک ہو گئے

ڈی آئی خان اور مہمند میں انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کے دوران اسلحہ بارود برآمد

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا میں دو انٹیلیجنس بیسڈ کارروائیاں کرتے ہوئے چار خوارج ہلاک کر دیے۔ مسلح افواج کے ترجمان ادارے آئی ایس پی آر کے مطابق ڈی آئی خان میں آپریشن کے دوران بھارتی سرپرستی یافتہ فتنہ الخوارج کے دو دہشتگرد مارے (بقیہ نمبر 11)

گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات دس جون کو ہوں گے

چوبیس حلقوں میں چار سو تین امیدوار مدمقابل، پولنگ کے انتظامات مکمل

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات اتوار 10 جون کو ہوں گے جس کے لیے تیاریاں مکمل کر لی گئیں ہیں۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق گلگت بلتستان کے تین ڈویژنز کے 10 اضلاع میں کی قانون ساز اسمبلی کے لیے اتوار 10 جون کو پولنگ ہو (بقیہ نمبر 12)

امریکا سے ایرانی انٹیلیجنس معلومات شیئر کرنے کے دعوے مسترد

ترجمان دفتر خارجہ نے میڈیا رپورٹس کو بے بنیاد اور قیاس آرائی قرار دیدیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک): پاکستان نے ایران سے متعلق انٹیلیجنس معلومات امریکا کے ساتھ شیئر کرنے کے دعوے بے بنیاد قرار دے کر مسترد کر دیے۔ ہفتہ وار بریفنگ کے دوران ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے واضح کیا کہ (بقیہ نمبر 32)

کیسکو کی زرعی صارفین کو برقی آلات واپس کرنے کی ہدایت

شمسی توانائی پر منتقل ہونے والے زمینداروں کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) الیکٹرک سپلائی کمپنی 'کیسکو' نے زرعی صارفین کو ٹرانسفارمرز، کھمبے اور برقی آلات واپس کرنے کی ہدایت کر دی۔ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے صوبہ کے ان تمام زرعی ٹیوب ویل کنکشنز کیسکو کے نیٹ ورک سے منقطع کر دیے ہیں جنہیں حکومت (بقیہ نمبر 31)

سندھ حکومت کا انوکھا فیصلہ سیکریٹریٹ میں آم لانے پر پابندی

سکیورٹی خدشات کے باعث عمارتوں میں آم کی پیٹیاں لانے پر پابندی عائد

کراچی (نیوز ڈیسک): سندھ حکومت نے سکیورٹی خدشات کے باعث سیکریٹریٹ میں آپ کی پیٹی لانے پر پابندی عائد کر دی۔ اس حوالے سے جاری کیے گئے مراسلے میں سکیورٹی اہلکاروں کو آم کی پیٹیوں کو سندھ سیکریٹریٹ لا (بقیہ نمبر 30)

ملک بھر کے لیے بجلی کی قیمتوں میں مزید اضافہ کر دیا

بجلی فی یونٹ ایک روپے انیس پیسے مہنگی رواں ماہ اطلاق ہوگا

کراچی (نیوز ڈیسک) ملک بھر کے لیے بجلی فی یونٹ ایک روپے 19 پیسے مہنگی کر دی گئی ہے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق بجلی اپریل 2026 کی فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں مہنگی کی گئی ہے جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ نیپرا کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے (بقیہ نمبر 29)

پانی کی قلت سے نمٹنے کے لیے چار بڑے ڈیمز

نئے آبی ذخائر کی تکمیل سے پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان میں پانی کی بڑھتی ہوئی قلت سے نمٹنے کے لیے دیامر بھاشا ڈیم، مہمند ڈیم، کرم تنگی ڈیم اور نئی گاج ڈیم پر کام تیز کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان میں پانی کی بڑھتی ہوئی قلت اور موسمیاتی تبدیلیوں کے سنگین اثرات سے نمٹنے کے لیے (بقیہ نمبر 28)

وفاقی بجٹ سے قبل عوام کے لیے بجلی سستی کر دی

نیپرا نے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی کی قیمتوں میں بڑی کمی کر دی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی بجٹ سے قبل عوام کے لیے بڑی خوشخبری ہے کہ ملک بھر کے لیے بجلی سستی کر دی گئی ہے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق نیپرا نے ملک بھر کے لیے بجلی کی قیمت میں بڑی کمی کا اعلان کر دیا ہے اور اس کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔ نیپرا نے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی 98.1 روپے فی یونٹ سستی کر دی ہے۔ یہ کمی سال 2026 (بقیہ نمبر 27)

وفاق کا سوتیلی ماں جیسا سلوک ہے، سہیل آفریدی

وفاق قبائلی اضلاع کا شیئر نہیں دے رہا اور وہ خیبر پختونخوا کا چار ہزار سات سو اٹھاون ارب روپے کا مقروض ہے

وفاق اربوں روپے کی کرپشن کر رہا ہے لیکن ہمارے صوبے کا حق اور مختلف منصوبوں کے لیے این او سی نہیں دے رہا

پشاور (نیوز ڈیسک) وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کا کہنا ہے کہ وفاق ہمارے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہا ہے۔ انڈر پاس کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی نے کہا کہ پشاور کے لیے 200 ارب روپے کے منصوبے شروع کر رہے ہیں، تمام منصوبوں کے لیے صوبائی حکومت نے پیسے رکھیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی اضلاع کو صوبے میں ضم کیا گیا لیکن وفاق شیئر نہیں دے رہا، وفاق ہمارا 4 ہزار 758 ارب روپے (بقیہ نمبر 33)

سندھ حکومت نے کتے کے کاٹنے پر شہریوں کے لیے آگاہی

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ حکومت نے کتے کے کاٹ لینے پر علاج کے حوالے سے شہریوں کیلیے آگاہی پیغام جاری کر دیا۔ آگاہی پیغام میں سندھ حکومت نے شہریوں سے کہا کہ وہ کتے کے کاٹنے کو معمولی بات نہ سمجھیں کیونکہ اس سے ریبیز وائرس ہونے کا خدشہ (بقیہ نمبر 34)

وفاقی آئینی عدالت کے ججوں کی رہائش گاہوں کے لیے فنڈز کی تجویز

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت کے ججوں کی رہائش گاہوں کیلیے فنڈز مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ دستاویز کے مطابق آئندہ مالی سال کے بجٹ میں منصوبے کیلیے 30 کروڑ روپے رکھنے کی تجویز ہے، ججوں کے لیے اسلام آباد میں سرکاری رہائش گاہیں تعمیر کی (بقیہ نمبر 35)

ہم نفرت کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے اور ہمیشہ امید کی بات کرتے ہیں، صفہ بھٹو

(نیوز ڈیسک) (نیوز ڈیسک) خاتون اول آصفہ بھٹو نے کہا کہ ہم نفرت کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے، پیپلز پارٹی نفرت نہیں ہمیشہ امید کی بات کرتی ہے۔ خاتون اول آصفہ بھٹو نے نگر میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی گلگت بلتستان کے عوام کو تنہا (بقیہ نمبر 36)

امریکا ایران امن معاہدے کی ڈرافٹنگ فیلڈ مارشل عاصم منیر

سینیٹر فیصل واوڈا کا کہنا ہے کہ دنیا کے تمام تجزیے غلط ثابت ہوں گے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک): سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان امن معاہدے کی ڈرافٹنگ فیلڈ مارشل عاصم منیر اپنے ہاتھوں سے کر رہے ہیں۔ سینیٹر فیصل واوڈا نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان (بقیہ نمبر 37)

فیول سبسڈی اسکیم کی مزید دو اقساط جون میں جاری کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیول سبسڈی اسکیم کی پانچویں اور چھٹی قسط جون 2026 کے دوران جاری کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے فیول سبسڈی اسکیم کی پانچویں اور چھٹی قسط رواں ماہ یعنی جون 2026 کے دوران ہی جاری کرنے کا بڑا فیصلہ کر لیا۔ یہ اہم فیصلہ نائب وزیر اعظم اسحاق (بقیہ نمبر 38)

عوام کے فیصلہ کرنا جی بی کو لاہور جیسا بنانا یا کراچی کنڈی بنانا ہے

خرم دستگیر کا بڑا سوال، عوام فیصلہ کریں کہ ہنزہ کو لاہور جیسا صاف بنانا ہے یا کراچی جیسا کچرا کنڈی

خواجہ سعد رفیق کا سنسنی خیز بیان، جمہوریت کا لبادہ اوڑھ کر بڑے شہروں کو کھنڈر بنانے والے مسائل حل نہیں کر سکتے

ہنزہ، گلگت (نیوز ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما خرم دستگیر نے نام لیے بغیر پیپلز پارٹی پر تنقید کے نشتر برسا دیے، کہا ہنزہ کو کراچی جیسا بنانا ہے یا لاہور جیسا؟ فیصلہ عوام کو کرنا ہے، خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ گلگت بلتستان کو آئینی حقوق دلانے کیلیئے تمام ریاستی اداروں کو مل کر فیصلہ کرنا ہوگا۔ ہنزہ میں ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے خرم دستگیر نے کہا کہ اگلے 5 سال میں ہنزہ کو کراچی جیسا بنانا ہے یا لاہور جیسا؟ فیصلہ عوام کو کرنا (بقیہ نمبر 39)

ملک کے کئی حصوں میں موسلا دھار بارش اور ژالہ باری کا الرٹ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش اور شدید ژالہ باری کا الرٹ جاری کر دیا گیا، جس میں تمام متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے اور ہنگامی انتظامات مکمل کرنے کی سخت ہدایت جاری کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے پنجاب، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے لیے موسمی صورتحال اور ممکنہ قدرتی آفات کے حوالے سے ہائی الرٹ جاری کر دیا ہے۔ این ڈی ایم اے کی جانب سے کہا گیا کہ (بقیہ نمبر 40)

اداکارہ مومنہ اقبال کو ہراساں کرنے پر پرن لیگی ایم پی اے پر مقدمہ

سائبر کرائم ایجنسی نے پیکا ایکٹ کے تحت ثاقب چدھڑ کے خلاف کیس درج کر لیا



لاہور (نیوز ڈیسک) اداکارہ مومنہ اقبال کو ہراساں کرنے کا مقدمہ مسلم لیگ ن کے رکن پنجاب اسمبلی ثاقب چدھڑ کیخلاف درج کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق معروف پاکستانی اداکارہ مومنہ اقبال کو ہراساں اور بلیک میل کرنے کے الزام میں مسلم لیگ (ن) کے رکن پنجاب اسمبلی (ایم پی اے) ثاقب چدھڑ کے خلاف باضابطہ طور پر مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ یہ مقدمہ پیکا ایکٹ کے تحت نیشنل سائبر کرائم انویسٹی (بقیہ نمبر 41)

آنے والی نسلوں کے لیے ڈیم بنائیے

صدا بصحرا

رفیع صحرائی

rafisehraee5586@gmail.com

پانی قدرت کی وہ عظیم نعمت ہے جس کے بغیر زندگی کا تصور ممکن نہیں۔ انسان ہو یا حیوان، زراعت ہو یا صنعت، ہر شعبہ پانی کا محتاج ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر میں پانی کو مستقبل کا سب سے قیمتی سرمایہ قرار دیا جا رہا ہے۔ بدقسمتی سے پاکستان ان ممالک میں شامل ہے جو تیزی سے آبی قلت کے خطرات کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ ماہرین برسوں سے خبردار کر رہے ہیں کہ اگر پانی کے ذخائر میں اضافہ نہ کیا گیا اور دستیاب وسائل کا دانشمندانہ استعمال یقینی نہ بنایا گیا تو آنے والی نسلوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ پاکستان بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے۔ ہماری معیشت، غذائی تحفظ اور لاکھوں خاندانوں کا روزگار زراعت سے وابستہ ہے، جبکہ زراعت کا انحصار پانی پر ہے۔ افسوس ناک حقیقت یہ ہے کہ ملک میں فی کس پانی کی دستیابی مسلسل کم ہوتی جا رہی ہے۔ ایک وقت تھا جب پاکستان پانی کی فراوانی رکھنے والے ممالک میں شمار ہوتا تھا لیکن آج صورتحال اس کے برعکس ہے۔ آبادی میں بے تحاشا اضافہ، موسمیاتی تبدیلیاں، ناقص منصوبہ بندی اور پانی کے ضیاع نے خطرے کی گھنٹی بجا دی ہے۔ زیرِ زمین پانی کی سطح میں مسلسل کمی ایک اور تشویش ناک مسئلہ ہے۔ شہروں اور دیہات میں ہزاروں ٹیوب ویل روزانہ لاکھوں گیلن پانی زمین سے نکال رہے ہیں مگر اس کمی کو پورا کرنے کے لیے بارش کے پانی کو زمین میں واپس پہنچانے کا مؤثر نظام موجود نہیں۔ کئی علاقوں میں زیرِ زمین پانی کی سطح خطرناک حد تک نیچے جا چکی ہے جس کے باعث ٹیوب ویل خشک ہو رہے ہیں نتیجے میں پانی کے بور کروانے، ٹیوب ویل لگانے اور پانی نکالنے کی لاگت بڑھتی جا رہی ہے۔ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو مستقبل میں پینے کے صاف پانی کا حصول بھی ایک بڑا چیلنج بن سکتا ہے۔ بارش کا پانی اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت ہے مگر ہم اسے محفوظ کرنے کے بجائے ضائع ہونے دیتے ہیں۔ ترقی یافتہ ممالک میں بارش کے پانی کو محفوظ بنانے اور زیرِ زمین ذخائر میں منتقل کرنے کے لیے باقاعدہ نظام موجود ہیں۔ گھروں، سرکاری عمارتوں، سکولوں اور فیکٹریوں کی چھتوں سے بارش کا پانی جمع کر کے ری چارج ویلوں کے ذریعے زمین میں پہنچایا جاتا ہے جس سے زیرِ زمین پانی کی سطح برقرار رہتی ہے۔ پاکستان میں بھی ایسے منصوبوں کو قومی سطح پر فروغ دینے کی اشد ضرورت ہے۔ ہر نئے ہاؤسنگ منصوبے، سرکاری عمارت اور صنعتی یونٹ کے لیے بارش کے پانی کو محفوظ بنانے کا نظام لازمی قرار دیا جانا چاہیے۔ وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی دلچسپی سے گزشتہ سال محدود پیمانے پر یہ سلسلہ شروع کیا گیا تھا لیکن یہ منصوبہ دیگر منصوبوں کی طرح روایتی سست روی کا شکار ہے۔ ایسے منصوبوں کی تکمیل ہنگامی بنیادوں پر کی جانی چاہیے اور اسے پورے پنجاب میں ہر چھوٹے بڑے شہر، قصبے اور گاؤں تک وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ دیگر صوبوں کو بھی اس پر عمل کرنا چاہیے تاکہ مستقبل میں پانی کے بحران سے نمٹا جا سکے۔ ہر سال مون سون کی بارشیں اور سیلاب پاکستان میں تباہی مچا دیتے ہیں۔ ہزاروں گھر منہدم ہو جاتے ہیں، قیمتی جانیں ضائع ہوتی ہیں، مویشی بہہ جاتے ہیں اور اربوں روپے کا انفراسٹرکچر تباہ ہو جاتا ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ یہی سیلابی پانی، جو تباہی کا سبب بنتا ہے، چند دن بعد بغیر استعمال کے سمندر میں جا گرتا ہے۔ ایک طرف خشک موسم میں پانی کی شدید قلت کا رونا رویا جاتا ہے اور دوسری طرف کروڑوں ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ نہ ہونے کے باعث ضائع ہو جاتا ہے۔ یہ ایک ایسا تضاد ہے جسے دور کرنے کے لیے قومی سطح پر سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے۔ اسی تناظر میں بڑے اور چھوٹے ڈیموں کی تعمیر ناگزیر ہو چکی ہے۔ ڈیم صرف پانی ذخیرہ کرنے کے منصوبے نہیں ہوتے بلکہ یہ کسی بھی ملک کی معاشی اور سماجی ترقی کی بنیاد بنتے ہیں۔ ڈیم سیلابی پانی کو قابو میں رکھنے، زرعی زمینوں کو سیراب کرنے، زیرِ زمین پانی کی سطح بہتر بنانے اور کم لاگت بجلی پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک نے اپنی ترقی کی بنیاد ہی مضبوط آبی انفراسٹرکچر پر رکھی ہے۔ چین، ترکی، امریکہ اور بھارت سمیت کئی ممالک نے درجنوں بڑے اور سیکڑوں چھوٹے ڈیم تعمیر کر کے اپنے آبی وسائل کو محفوظ بنایا ہے۔ خوش آئند امر ہے کہ دیامر بھاشا ڈیم، مہمند ڈیم، کرم تنگی ڈیم اور نئی گاج ڈیم جیسے منصوبوں پر پیش رفت جاری ہے مگر صرف یہی کافی نہیں۔ ملک کے مختلف علاقوں خصوصاً بلوچستان، جنوبی پنجاب، تھرپارکر، پوٹھوہار اور خیبر پختونخوا کے خشک علاقوں میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے ڈیموں کا جال بچھانے کی ضرورت ہے۔ ایسے منصوبے مقامی سطح پر پانی کی دستیابی بڑھانے، زراعت کو فروغ دینے اور دیہی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پانی کے مسئلے کو سیاسی نہیں بلکہ قومی مسئلہ سمجھا جائے۔ حکومت، اپوزیشن، ماہرین، سول سوسائٹی اور عوام سب کو مل کر اس قومی چیلنج کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ پانی کی بچت کو قومی مہم بنایا جائے اور اس پر سیاست کرنے کی بجائے قومی سوچ کو اپنایا جائے تو کالا باغ ڈیم کی تعمیر بھی ممکن ہے لیکن جب تک اس پر اتفاق رائے نہیں ہوتا تب تک چھوٹے بڑے سینکڑوں ڈیم بنا کر پانی کو ذخیرہ کیا جا سکتا ہے۔ یہ وقت کا تقاضا ہے کہ جدید آبپاشی نظام متعارف کرائے جائیں، بارش کے پانی کو محفوظ بنانے کے منصوبے شروع کیے جائیں اور ڈیموں کی تعمیر کو قومی ترجیح قرار دیا جائے۔ تاریخ گواہ ہے کہ قومیں اپنے وسائل کی حفاظت سے ترقی کرتی ہیں اور وسائل کے ضیاع سے زوال کا شکار ہو جاتی ہیں۔ پانی پاکستان کا سب سے قیمتی قدرتی سرمایہ ہے۔ اگر ہم نے آج اس نعمت کی حفاظت کے لیے مؤثر اقدامات نہ کیے تو آنے والی نسلیں ہمیں معاف نہیں کریں گی۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم اختلافات سے بالاتر ہو کر پانی کے تحفظ اور نئے آبی ذخائر کی تعمیر کے لیے قومی اتفاقِ رائے پیدا کریں کیونکہ حقیقت یہی ہے کہ ڈیم صرف آج کی ضرورت نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کی بقا کی ضمانت ہیں۔

عالمی یومِ ماحولیات: ہماری بقا، ہماری ذمہ داری

تحریر: شہزاد نیاز کھوکھر

ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقاتِ عامہ، حکومتِ پنجاب، انکھر سال 5 جون کو دنیا بھر میں عالمی یومِ ماحولیات منایا جاتا ہے۔ اس دن کا مقصد صرف ایک رسمی تقریب کا انعقاد نہیں بلکہ انسانیت کو اس حقیقت کا احساس دلانا ہے کہ اگر ہم نے اپنے ماحول کو محفوظ نہ بنایا تو آنے والی نسلوں کے لیے زندگی مزید دشوار ہو جائے گی۔ آج دنیا جن بڑے چیلنجز سے دوچار ہے، ان میں موسمیاتی تبدیلی، فضائی آلودگی، پانی کی قلت، جنگلات کی بے دریغ کٹائی، پلاسٹک آلودگی اور حیاتیاتی تنوع کا خاتمہ سرفہرست ہیں۔ پاکستان ان چند ممالک میں شامل ہے جو موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے شدید متاثر ہو رہے ہیں، حالانکہ عالمی گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں ہمارا حصہ نہایت کم ہے۔ گزشتہ چند برسوں میں پاکستان نے غیر معمولی سیلاب، شدید گرمی کی لہروں، خشک سالی اور ماحولیاتی تبدیلیوں کے دیگر تباہ کن اثرات کا سامنا کیا ہے۔ 2022 کے سیلاب ہوں یا حالیہ برسوں میں درجہ حرارت میں غیر معمولی اضافہ، یہ تمام واقعات ہمیں اس امر کی یاددہانی کراتے ہیں کہ ماحولیات کا تحفظ اب ایک انتخاب نہیں بلکہ ناگزیر ضرورت بن چکا ہے۔ تیسری دنیا کے ممالک کو ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے کئی پیچیدہ مسائل کا سامنا ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی، غیر منصوبہ بند شہری توسیع، صنعتی آلودگی، ناقص ویسٹ مینجمنٹ سسٹم، پلاسٹک کے بے تحاشا استعمال اور محدود وسائل کی وجہ سے ماحولیاتی مسائل میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ بڑے شہروں میں فضائی آلودگی صحت عامہ کے لیے خطرناک صورت اختیار کر چکی ہے جبکہ دیہی علاقوں میں صاف پانی کی فراہمی ایک بڑا چیلنج ہے۔ عالمی اداروں کی رپورٹس کے مطابق دنیا بھر میں ہر سال لاکھوں افراد فضائی آلودگی سے منسلک بیماریوں کے باعث اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ دوسری جانب پلاسٹک آلودگی سمندری حیات اور زمینی ماحول دونوں کے لیے سنگین خطرہ بن چکی ہے۔ دنیا میں پیدا ہونے والا پلاسٹک کا ایک بڑا حصہ ری سائیکل نہیں ہو پاتا اور بالآخر دریاؤں، سمندروں اور زمین میں شامل ہو کر ماحول کو نقصان پہنچاتا ہے۔ ایسے حالات میں ماحولیاتی تعلیم اور شعور کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عالمی یومِ ماحولیات کے موقع پر ضلع اٹک میں ڈپٹی کمشنر راؤ عاطف رضا کی جانب سے ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج اٹک میں انوائرمنٹ سنٹر کا افتتاح ایک خوش آئند اقدام ہے۔ یہ مرکز نہ صرف طلبہ کو ماحولیات کے بارے میں آگاہی فراہم کرے گا بلکہ انہیں عملی سرگرمیوں کے ذریعے ماحول دوست طرزِ زندگی اپنانے کی ترغیب بھی دے گا۔ اس موقع پر طلبہ کی جانب سے پیش کی جانے والی ماحولیاتی نمائش بھی اس بات کا ثبوت تھی کہ ہماری نوجوان نسل ماحولیات کے مسائل سے آگاہ ہے اور ان کے حل کے لیے مثبت سوچ رکھتی ہے۔ شجرکاری، پانی کے تحفظ، فضائی آلودگی کے خاتمے اور ویسٹ مینجمنٹ سے متعلق طلبہ کے ماڈلز اور تحقیقی کاوشیں قابلِ تحسین تھیں۔ یہ حقیقت حوصلہ افزا ہے کہ نئی نسل اپنے مستقبل کے تحفظ کے لیے سنجیدہ نظر آتی ہے۔ ماحولیات کا تحفظ صرف حکومتی اداروں کی ذمہ داری نہیں۔ اگر ایک شہری اپنے گھر کے سامنے ایک درخت لگاتا ہے، پانی کے ضیاع سے بچتا ہے، پلاسٹک بیگز کے استعمال میں کمی لاتا ہے اور صفائی کا خیال رکھتا ہے تو وہ عملی طور پر ماحول کے تحفظ میں اپنا کردار ادا کر رہا ہوتا ہے۔ چھوٹے چھوٹے اقدامات مل کر بڑے نتائج پیدا کرتے ہیں۔ پنجاب حکومت اور ضلعی انتظامیہ اٹک کی جانب سے سرسبز اور صاف ستھرے ماحول کے فروغ کے لیے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں، تاہم ان اقدامات کی کامیابی کا انحصار عوامی شمولیت پر ہے۔ جب تک شہری، تعلیمی ادارے، سماجی تنظیمیں اور نجی شعبہ مل کر کام نہیں کریں گے، اس وقت تک ماحولیاتی چیلنجز پر مکمل قابو پانا ممکن نہیں ہوگا۔ عالمی یومِ ماحولیات ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ زمین صرف ہماری نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کی بھی امانت ہے۔ اگر ہم نے آج اپنے ماحول کا تحفظ کیا تو ہماری آنے والی نسلیں ایک صحت مند، سرسبز اور محفوظ دنیا میں سانس لے سکیں گی۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم ماحول دوست طرزِ زندگی کو فروغ دیں، قدرتی وسائل کے ذمہ دارانہ استعمال کو یقینی بنائیں اور اپنے حصے کا کردار ادا کرتے ہوئے ایک بہتر اور پائیدار مستقبل کی بنیاد رکھیں۔ یاد رکھیں، ماحول کا تحفظ دراصل انسانیت کا تحفظ ہے، اور ایک محفوظ ماحول ہی خوشحال مستقبل کی ضمانت ہے۔

نجی تعلیم: مسائل اور حقیقت

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی

engr.bakht@gmail.com

پاکستان میں نجی تعلیمی اداروں کی تعداد گزشتہ دو دہائیوں کے دوران غیر معمولی حد تک بڑھ چکی ہے۔ بظاہر یہ ادارے معیاری تعلیم، جدید تدریسی طریقوں، بہتر نظم و ضبط اور سہولیات سے آراستہ ماحول کی فراہمی کے دعوے کرتے ہیں، لیکن زمینی حقائق کا جائزہ لیا جائے تو تصویر ہر جگہ یکساں نہیں دکھائی دیتی۔ بہت سے نجی اسکول واقعی قابلِ ستائش خدمات انجام دے رہے ہیں، تاہم ایک بڑی تعداد ایسے اداروں کی بھی موجود ہے جہاں تعلیم سے زیادہ مالی مفادات کو ترجیح دی جاتی ہے اور والدین کو مختلف مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ تعلیم کسی بھی معاشرے کی بنیاد اور قوموں کی ترقی کا سب سے اہم ستون سمجھی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ والدین اپنی آمدنی کا ایک بڑا حصہ اپنے بچوں کی تعلیم پر خرچ کرتے ہیں اور اس امید کے ساتھ انہیں نجی اداروں میں داخل کرواتے ہیں کہ انہیں بہتر مواقع اور روشن مستقبل میسر آئے گا۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ بعض اوقات والدین کو اس اعتماد کے بدلے مایوسی، پریشانی اور انتظامی نااہلی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ نجی اسکولوں کے حوالے سے سب سے زیادہ شکایات فیسوں اور اضافی اخراجات کے بارے میں سامنے آتی ہیں۔ ہر سال مختلف ناموں سے فیسوں میں اضافہ کر دیا جاتا ہے جبکہ والدین کو اس اضافے کی واضح وجوہات بھی فراہم نہیں کی جاتیں۔ داخلہ فیس، سالانہ فنڈ، امتحانی فیس، سرگرمیوں کے اخراجات، کتابوں اور یونیفارم کے نام پر والدین پر مسلسل مالی بوجھ ڈالا جاتا ہے، جس سے متوسط طبقے کے لیے بچوں کی تعلیم ایک بڑا چیلنج بن جاتی ہے۔ اگر بعض نجی تعلیمی اداروں کے مالکان اور انتظامیہ کے طرزِ زندگی کا جائزہ لیا جائے تو اندازہ ہوتا ہے کہ یہ شعبہ کئی مقامات پر ایک منافع بخش کاروبار کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ مہنگی گاڑیاں، وسیع کاروباری نیٹ ورک، نئی شاخوں کا تیزی سے قیام اور مالی وسعت اس حقیقت کی نشاندہی کرتی ہے کہ بعض اداروں میں تعلیمی معیار کے بجائے آمدنی میں اضافے کو زیادہ اہمیت دی جا رہی ہے۔ میرے اپنے خاندان کے ساتھ پیش آنے والا ایک واقعہ اس مسئلے کی سنگینی کو واضح کرتا ہے۔ گزشتہ سال میرا بھتیجا ایک نجی اسکول میں زیرِ تعلیم تھا جہاں ایک ناخوشگوار واقعے کے دوران اسے اس قدر تشدد کا نشانہ بنایا گیا کہ اس کا ہاتھ فریکچر ہو گیا۔ یہ واقعہ نہ صرف ایک بچے کے لیے تکلیف دہ تھا بلکہ پورے خاندان کے لیے شدید ذہنی اذیت اور تشویش کا باعث بھی بنا۔ اس وقت میں پاکستان میں موجود تھا اور ایک ذاتی کام کے سلسلے میں گھر سے باہر تھا جب میرے بھائی کی کال موصول ہوئی۔ انہوں نے انتہائی پریشانی کے عالم میں مجھے بتایا کہ اسکول میں میرے بھتیجے کے ساتھ ایسا واقعہ پیش آیا ہے جس کے نتیجے میں اسے طبی امداد کی ضرورت پیش آئی۔ یہ خبر سن کر میں حیران اور غمزدہ رہ گیا کیونکہ کسی بھی والدین یا سرپرست کے لیے ایسی اطلاع انتہائی تکلیف دہ ہوتی ہے۔ میں نے فوری طور پر اسکول انتظامیہ سے رابطہ کرنے کا فیصلہ کیا اور سب سے پہلے پرنسپل کو فون کیا۔ تاہم معلوم ہوا کہ وہ چھٹی پر تھے اور انہیں واقعے کی مکمل تفصیلات کا علم بھی نہیں تھا۔ یہ بات خود اس امر کی عکاسی کرتی ہے کہ بعض اداروں میں ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور ذمہ دارانہ نگرانی کے نظام میں کتنی کمزوریاں موجود ہیں۔ بعد ازاں میری بات اسکول کے ایک ذمہ دار نمائندے سے کروائی گئی۔ میں نے انتہائی سنجیدگی سے صورتحال کے بارے میں سوالات کیے اور جاننا چاہا کہ واقعہ پیش آنے کے فوراً بعد انتظامیہ نے کیا اقدامات کیے تھے۔ میری توقع تھی کہ اسکول کے پاس ہر سوال کا واضح اور تسلی بخش جواب موجود ہوگا، مگر صورتحال اس کے برعکس نکلی۔ میرا سب سے پہلا سوال یہ تھا کہ جب بچے کو شدید چوٹ لگی تو کیا والدین یا سرپرستوں کو فوری طور پر اطلاع دی گئی؟ کیا اسکول انتظامیہ نے خود بچے کو اسپتال منتقل کیا؟ کیا ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی؟ بدقسمتی سے ان سوالات کے جوابات غیر واضح اور غیر تسلی بخش تھے جس سے انتظامی غفلت کا تاثر مزید مضبوط ہوا۔ کسی بھی تعلیمی ادارے کی بنیادی ذمہ داری صرف تعلیم فراہم کرنا نہیں بلکہ طلبہ کی جان، صحت اور حفاظت کو یقینی بنانا بھی ہے۔ اگر کسی بچے کے ساتھ کوئی حادثہ پیش آ جائے تو فوری ردِعمل، والدین سے رابطہ اور طبی امداد کا انتظام انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہونی چاہیے۔ اس حوالے سے کسی قسم کی کوتاہی ناقابلِ قبول ہے۔ میں نے واقعے میں ملوث استاد کا نام، اس کے کردار اور پورے واقعے کی تفصیلات طلب کیں تاکہ حقیقت سامنے آ سکے۔ ساتھ ہی میں نے یہ بھی واضح کیا کہ اگر معاملے کو سنجیدگی سے نہ لیا گیا تو میں اسے عوامی سطح پر اٹھانے اور سوشل میڈیا کے ذریعے اجاگر کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہوں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ جب معاملے کو عوامی سطح پر لانے کا ذکر کیا گیا تو صورتحال یکسر تبدیل ہو گئی۔ مختلف افراد کی جانب سے رابطے شروع ہو گئے اور معاملے کو خاموشی سے حل کرنے کی کوششیں تیز ہو گئیں۔ اس سے یہ تاثر پیدا ہوتا ہے کہ بعض ادارے مسائل کے بنیادی حل کے بجائے ان کی تشہیر روکنے میں زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں۔ اس واقعے کے بعد متعلقہ استاد کے رشتہ داروں اور جاننے والوں کی طرف سے ملاقاتوں اور رابطوں کا سلسلہ بھی شروع ہوا۔ اگرچہ تنازعات کا حل بات چیت کے ذریعے نکالنا ایک مثبت عمل ہے، لیکن اصل سوال یہ ہے کہ ایسے واقعات کو ابتدا ہی میں روکنے کے لیے مؤثر اقدامات کیوں نہیں کیے جاتے۔ اساتذہ معاشرے کے معمار کہلاتے ہیں اور ان کا کردار صرف کتابی علم منتقل کرنے تک محدود نہیں ہوتا۔ وہ بچوں کی شخصیت سازی، اخلاقی تربیت اور اعتماد کی تعمیر میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ایک استاد سے صبر، برداشت، حکمت اور ذمہ داری کی اعلیٰ ترین مثال قائم کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔ بدقسمتی سے بعض نجی اسکولوں میں اساتذہ کی بھرتی کے دوران پیشہ ورانہ مہارت اور نفسیاتی تربیت کے بجائے کم تنخواہوں اور فوری دستیابی کو ترجیح دی جاتی ہے۔ اس کے نتیجے میں بعض ایسے افراد بھی تدریسی شعبے میں آ جاتے ہیں جو بچوں کی نفسیات اور جدید تدریسی اصولوں سے مکمل طور پر آگاہ نہیں ہوتے۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ متعدد نجی اسکولوں میں کام کرنے والے اساتذہ مستقل کیریئر کے بجائے عارضی بنیادوں پر ملازمت کر رہے ہوتے ہیں۔ ان کی اکثریت کی خواہش کسی سرکاری ملازمت یا بہتر روزگار کے مواقع حاصل کرنا ہوتی ہے، جس کے باعث بعض اوقات ادارے کے ساتھ طویل المدتی وابستگی اور تعلیمی بہتری کے جذبے میں کمی محسوس کی جاتی ہے۔ تعلیم ایک ایسا شعبہ ہے جہاں صرف ڈگریاں اور اسناد کافی نہیں ہوتیں۔ ایک کامیاب استاد کے لیے بچوں کی نفسیات کو سمجھنا، مختلف ذہنی

صحافت نے کیا کیا

نواب یاور حسین اسدی

شہر میں کبھی بھی کوئی کسی کے ساتھ بے لوث چلا وہ صحافی اگر کسی کو ہسپتال میں کوئی پریشانی ہوئی تو کام آ※ ادویات کا فقدان یا مشینری خراب تو صحافی کام آ※ نیا اڈا بنا تو صحافیوں کوشش سے نیا بازار بنا صحافیوں کے گھر گرا کر پھر بھی صحافیوں نے درخواستیں دے کر خبریں لگا کر کوشش کی بازار بن گیا اگر تھانے میں کسی کو انصاف فراہم نہ ہو تو صحافی ساتھ جائیں پٹواری کام الٹا کر دے یا رپورٹ نہ کرے تو صحافی ساتھ جائیں تجاوزات کی بات ہو تو صحافی کام آئیں مین بازار میں سے عوام سے نہ جا※ تو صحافی کام آئیں ایل ڈبلو ایم سی صفائی نہ کرے تو صحافی کروا کر دیں میونسپل کمیٹی والے کام جلدی نہ کریں تو صحافی کام کروائیں ڈی ایس پی سرکل چونیاں کے پاس جانا ہو تو بطور وکیل سفارش صحافی کام آئیں کروائیں نادرا دفتر عوام کو سہولت نہ ملے تو صحافی کام کروا کے دیں سڑک ٹھیک نہ بنی ہوئی ہو تو صحافی دوبارہ بنوائیں کوئی سولنگ نالی بازار ٹوٹا ہوا تو صحافی شور مچا کے بنوا کے دیں کوئی بجلی تار ٹوٹ گئی پول ٹوٹ گیا تو صحافی کام کروائیں کارڈیک سنٹر میں ایکو مشین خراب کو سال سال گزر گئے اس کو بھی صحافی ٹھیک کروائیں عوام سے کوئی ڈاکٹر نرس سٹاف بداخلاقی کریں تو صحافی انصاف دلوائیں عوام کو کوئی ملازم حراساں کرے تو صحافی ساتھ دیں شفاف انکوائری کروائیں عوام سے کوئی رشوت لے کر کام پھر بھی نہ کرے تو صحافی ساتھ کھڑے ہوں عوام کو لوٹ لے تو ڈاکوؤں کے خلاف عوام کے ساتھ صحافی کھڑے ہوں عوام کو چور لوٹ لیں نشئی پریشان کریں تو صحافی ساتھ کھڑے ہوں پرائیویٹ سکول چھٹیوں کی فیسیں لیں تو صحافی پیسے واپس کروائیں فیسیں لینی بند کروائیں تو صحافیوں کی رہڑیوں کو نہ لگنے دے روزی بند کرے تو صحافی ساتھ کھڑے ہوں آسانی پیدا کروائیں کسی کا پانی نہ آ※ تو صحافیوں کو فون وہ کروائیں پانی کی وجہ سے کہیں چشمہ نکل آ※ یا پائپ لائن خراب ہو تو صحافی ساتھ کھڑے ہوں کام کروائیں مین پائپ لائن ٹوٹ جا※ تو صحافی ساتھ کھڑے ہوں آسانی پیدا کروائیں ٹھیک کروائیں ڈینگی کی پل خستہ حالی کا شیکار ہو تو صحافی کام کروائیں ٹھیک کروائیں بجلی پانی گیس نہ آ※ تو صحافی ساتھ کھڑے ہوں آدارے سے مخالفت لیں عوام کا کوئی بھی کام ہو پریشانی ہو بغیر کسی فیس کے ساتھ کھڑے ہوں گاڑیوں والے کرایہ زیادہ لیں تو صحافی کنٹرول کروائیں اشیاء خرد و نوش سبزی پٹرول مہنگائی ہو تو صحافی شور و غوغا کریں سرکاری آٹا غریبوں کی جگہ امیروں کو ملے تو صحافی اس روکیں غریبوں کا حق دلوائیں بے نظیر انکم سپورٹ کی رقم میں کٹوتی تو صحافی ساتھ کھڑے ہوں کٹوتی رکوائیں بے نظیر انکم سپورٹ کے دفتر خواتین یتیموں کی طرح دھوپ میں بیٹھایا جا※ تو صحافی سہولیات فراہم کروائیں رمضان راشن کارڈ یا چیک نہ ملیں یا پی سی او والے کٹوتی کریں تو صحافی انصاف فراہم کروائیں بنک۔ تھانہ۔ اے سی آفس۔ منڈی۔ بازار۔ ہسپتال۔ نادرا۔ واپڈا۔ کوئی بھی آدارے عوام کو پریشان کریں تو مفتی کی شفارش اس حد تک کے کوئی قتل بھی ہو جا※ تو صحافیوں یاد کیا جاتا تا کہ انصاف فراہم کروائیں کسی کو بھی پریشانی ہو بغیر کسی اجرت بغیر فیس اپنے اخراجات خرچ کر کے ٹائم نکال کر صحافی کام کروائیں اور علاقے کے ایم پی اے۔ ایم این اے۔ کوالیشن میں سہولت فراہم کریں مشہور کریں ووٹ دلوائیں وہ صحافی ان کو عوام اور ادارے کیا دیتے ہیں بھی کچھ نہیں سب کچھ صحافی کریں سب کے لیئے مریں سب کے ساتھ جائیں اپنے کام چھوڑ کر دوسروں کے کام آئیں پھر بھی ان کو تنقید کا ہی نشانہ بنایا جا※ کوئی بندا صحافیوں کے سوا اتنا کر کے دیکھا※ تو مان لوں گا یہ تمام کام بے لوث بغیر اجرت

دل کا سکون اور روح کی بالیدگی

رائے شماری

پروفیسر رائے غلام رسول فہیم کھرل

03041648400

انسان کی زندگی بظاہر دو جہتوں پر مشتمل ہے: ایک مادی اور دوسری روحانی۔ مادی زندگی جسم کی ضروریات، آسائشوں، خواہشات اور دنیاوی معاملات سے تعلق رکھتی ہے، جبکہ روحانی زندگی دل، ضمیر، اخلاق، ایمان اور انسان کے اپنے خالق سے تعلق کا نام ہے۔ عصرِ حاضر میں انسان نے مادی ترقی کے حیرت انگیز مراحل طے کر لیے ہیں۔ بلند و بالا عمارتیں، جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، تیز رفتار ذرائع نقل و حمل اور آسائشوں کی بے شمار صورتیں انسان کے پاس موجود ہیں، لیکن اس سب کے باوجود اگر کسی چیز کی کمی سب سے زیادہ محسوس کی جا رہی ہے تو وہ روحانی سکون اور قلبی اطمینان ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج کا انسان سہولتوں کے باوجود بے چینی، اضطراب، ذہنی دباؤ اور داخلی خلاء کا شکار دکھائی دیتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ روحانیت کوئی خیالی یا غیر حقیقی تصور نہیں بلکہ ایک زندہ حقیقت ہے۔ روحانیت سے مراد دنیا کو ترک کر دینا یا گوشہ نشینی اختیار کرنا نہیں، بلکہ دنیا میں رہتے ہوئے اپنے دل کو اللہ تعالیٰ کی یاد، اخلاقِ حسنہ اور انسانیت کی خدمت سے وابستہ رکھنا ہے۔ روحانیت انسان کے باطن کو روشن کرتی ہے، اس کے کردار کو نکھارتی ہے اور اسے زندگی کے حقیقی مقصد سے آشنا کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام آسمانی مذاہب اور خصوصاً اسلام نے روحانی تربیت کو غیر معمولی اہمیت دی ہے۔ قرآنِ مجید انسان کو بار بار اپنے باطن کی اصلاح کی دعوت دیتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: "بے شک وہی کامیاب ہوا جس نے اپنے نفس کا تزکیہ کیا۔" (الشمس: 9)۔ اس آیت میں واضح کر دیا گیا کہ اصل کامیابی مال و دولت، شہرت اور طاقت میں نہیں بلکہ نفس کی پاکیزگی میں ہے۔ جب انسان اپنے دل کو حسد، کینہ، نفرت، غرور اور لالچ جیسی بیماریوں سے پاک کرتا ہے تو اس کے اندر ایک نئی روشنی پیدا ہوتی ہے جو اسے اللہ تعالیٰ کے قریب لے جاتی ہے۔ آج کی دنیا میں کامیابی کا معیار زیادہ تر دولت، عہدہ اور شہرت کو سمجھا جاتا ہے، حالانکہ تاریخ گواہ ہے کہ بے شمار دولت مند افراد بھی ذہنی سکون سے محروم رہے، جبکہ کئی سادہ اور گمنام لوگ روحانی اطمینان کی ایسی دولت سے مالا مال تھے جس کا کوئی مادی نعم البدل موجود نہیں۔ اصل دولت دل کا اطمینان ہے اور یہ دولت صرف روحانیت کے راستے سے حاصل ہوتی ہے۔ روحانیت کی بنیاد اللہ تعالیٰ سے مضبوط تعلق پر قائم ہوتی ہے۔ نماز، تلاوتِ قرآن، ذکرِ الٰہی، دعا اور مراقبہ ایسے ذرائع ہیں جو انسان کے دل کو تازگی بخشتے ہیں۔ جب بندہ اپنے رب کے حضور جھکتا ہے تو اس کے دل کے بوجھ ہلکے ہو جاتے ہیں۔ وہ اپنی کمزوریوں کا اعتراف کرتا ہے، اپنے مسائل اپنے خالق کے سامنے پیش کرتا ہے اور یوں اسے ایک ایسی قوت حاصل ہوتی ہے جو دنیا کی کوئی طاقت فراہم نہیں کر سکتی۔ اسلامی تاریخ کے عظیم روحانی رہنماؤں نے ہمیشہ انسان کے باطن کی اصلاح پر زور دیا۔ حضرت حسن بصریؒ، حضرت جنید بغدادیؒ، حضرت عبدالقادر جیلانیؒ، حضرت داتا گنج بخشؒ اور حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ جیسے اکابرین کی تعلیمات کا مرکز محبت، اخلاص، عاجزی اور خدمتِ خلق تھا۔ ان بزرگوں نے لوگوں کو دنیا سے نفرت نہیں سکھائی بلکہ دنیا میں رہتے ہوئے اللہ کی رضا حاصل کرنے کا راستہ دکھایا۔ ان کے نزدیک روحانیت کا سب سے بڑا معیار اچھا اخلاق تھا۔ روحانی زندگی کے حصول میں خدمتِ انسانیت کو بھی بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ جو شخص دوسروں کے دکھ درد کو محسوس کرتا ہے، ضرورت مندوں کی مدد کرتا ہے، مظلوم کا سہارا بنتا ہے اور معاشرے میں خیر بانٹتا ہے، وہ دراصل روحانیت کے راستے پر گامزن ہوتا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ بہترین انسان وہ ہے جو دوسروں کے لیے سب سے زیادہ نفع بخش ہو۔ اس فرمان میں روحانیت کا ایک جامع تصور موجود ہے، کیونکہ حقیقی روحانیت انسان کو خود غرضی سے نکال کر ایثار اور محبت کی طرف لے جاتی ہے۔ جدید دور میں سوشل میڈیا اور تیز رفتار زندگی نے انسان کو مسلسل مصروف کر دیا ہے۔ ہر شخص دوسروں سے آگے نکلنے کی دوڑ میں شامل ہے۔ مقابلہ، حسد، نمائش اور خودنمائی نے دلوں کی دنیا کو ویران کر دیا ہے۔ ایسے ماحول میں روحان

بقیہ نمبر ☆.....☆ 1

جانب سے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، ان کی انتظامیہ اور عوام کو مبارکباد 250ویں سالگرہ کی مبارکباد دی۔ شہباز شریف نے کہا کہ امریکا کی تاریخ اُمید اور روشن خیالی کی داستان ہے، انسداد دہشتگردی، تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبے میں بہترین تعلقات ہیں، پاکستان اور امریکا کے تعلقات 8 دہائیوں پر محیط ہیں، قیام پاکستان کے بعد امریکا ان اولین ملکوں میں شامل تھا جنہوں نے پاکستان کو تسلیم کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان اور امریکا میں دیرینہ شراکت داری کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، پاکستان اور امریکا نے تاریخ کے اہم ترین ادوار میں مل کر کام کیا، پاکستان نے امریکا اور ایران کے درمیان ثالثی کا اہم کردار ادا کیا، اعتماد کا اظہار کرنے پر امریکا اور ایران کا شکریہ ادا کرتے ہیں، 80 بڑی امریکی کمپنیاں پاکستان میں کام کر رہی ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 2

کے مطابق وفاقی حکومت نے دارالحکومت اسلام آباد کے انتظامی ڈھانچے میں تبدیلی اور الگ قانون ساز اسمبلی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے اور خصوصی کمیٹی نے اس سے متعلق وزیراعظم شہباز شریف کو رپورٹ پیش کر دی ہے۔ خصوصی کمیٹی جو احسن اقبال، رانا ثناءاللہ، طارق فضل چوہدری اور مصدق ملک پر مشتمل تھی۔ ان کی پیش کردہ تجاویز کے مطابق اسلام آباد کا علیحدہ حکومتی ڈھانچہ اور الگ چیف ایگزیکٹو ہوگا۔ ذرائع کے مطابق خصوصی کمیٹی کی تجاویز کے مطابق اسلام آباد کی اسمبلی 20 سے 30 ارکان پر مشتمل ہوگی، اس کا سیکریٹریٹ بھی علیحدہ ہوگا اور یہ وفاقی دارالحکومت سے متعلق قانون سازی کرے گی۔ خصوصی کمیٹی کی پیش کردہ تجاویز کے مطابق اسلام آباد اسمبلی کے ارکان براہ راست انتخابات کے ذریعہ منتخب ہوں گے۔ سی ڈی اے سمیت اسلام آباد کے ترقیاتی اور انتظامی امور اسمبلی کے ذریعہ حل ہوں گے۔ وزیراعظم کی منظوری کے بعد پارلیمنٹ میں اسلام آباد کے الگ انتظامی ڈھانچے سے متعلق قانون سازی کی جائے گی۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 3

ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے پاکستان کے قومی شناختی نظام کی شفافیت اور ساکھ کو بہتر بنانے کے لیے ایک بڑا تصدیقی عمل مکمل کرلیا۔ جس کے تحت سول رجسٹریشن ریکارڈ اور قومی شہری ڈیٹا بیس کا موازنہ کر کے 42 لاکھ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز منسوخ کر دیے گئے ہیں۔ یہ وہ شناختی کارڈز ہیں جن کے حامل افراد سول ریکارڈ کے مطابق وفات پا چکے ہیں لیکن ان کے شناختی کارڈز تاحال فعال تھے۔ نادرا حکام نے بتایا کہ یہ منسوخیاں نادرا آرڈیننس اور نیشنل آئیڈینٹیٹی کارڈ رولز کے تحت کی گئی ہیں۔ نادرا نے انکشاف کیا کہ ان 42 لاکھ افراد کی اموات صوبائی سول رجسٹریشن اتھارٹیز (یونین کونسلز) میں تو رجسٹرڈ تھیں، لیکن متعلقہ خاندانوں نے نادرا کے پاس جا کر ریکارڈ اپ ڈیٹ نہیں کروایا تھا، جس سے قومی آبادیاتی اعداد و شمار میں بڑا فرق آ رہا تھا۔ تاہم حالیہ آگاہی مہم اور نادرا کی سہولاتی اقدامات کے بعد اب تک تقریباً 30 لاکھ (3 ملین) متوفی افراد کے خاندانوں نے خود نادرا سے رجوع کر کے شناختی کارڈز باضابطہ طور پر منسوخ کروائے ہیں۔ نادرا نے واضح کیا ہے کہ متوفی افراد کے شناختی کارڈز منسوخ نہ کروانے سے ڈیٹا میں خرابیاں پیدا ہوتی ہیں، جبکہ بعض اوقات رشتہ داروں کی بدنیتی یا غلطی سے کسی زندہ شخص کا کارڈ بھی منسوخ ہو جاتا ہے۔ حکام کا کہنا تھا کہ ایسی صورت میں شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ فوری نادرا سے رابطہ کریں، اپنی متعلقہ یونین کونسل کے ریکارڈ کی تفصیلات حاصل کر کے وہاں تصحیح کروائیں اور پھر نادرا میں اپنا ڈیٹا اپ ڈیٹ کریں۔ نادرا نے بتایا کہ ملک بھر میں تقریباً 1 کروڑ 40 لاکھ (14 ملین) بچوں کی پیدائش یونین کونسلز میں تو رجسٹرڈ ہے، لیکن نادرا کے ڈیٹا بیس میں ان کا کوئی ریکارڈ موجود نہیں ہے۔ اس خلیج کو پُر کرنے کے لیے نادرا نے والدین اور سرپرستوں کو یاددہانی کے ایس ایم ایس بھیجنا شروع کر دیے ہیں۔ نادرا نے والدین پر زور دیا ہے کہ وہ جلد از جلد نادرا دفاتر کا دورہ کریں اور بچوں کے بیم فارم حاصل کریں تاکہ انہیں قومی ڈیٹا بیس کا حصہ بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 4

آصف علی زرداری نے یومِ ماحولیات پر عالمی و قومی سطح پر ماحولیاتی تحفظ پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کم اخراج کے باوجود کلائمیٹ رسک ممالک میں سرفہرست ہے، گلیشیئرز کے پگھلنے، سیلاب اور گرمی کی لہروں پر تشویش ہے۔ صدر زرداری نے کہا کہ پانی کے موثر استعمال اور فضلہ میں کمی کی فوری ضرورت ہے، جنگلات کے تحفظ اور حیاتیاتی تنوع کے فروغ کی ضرورت ہے، قابلِ تجدید توانائی کے منصوبوں کو تیز کرنے پر توجہ دینی چاہئے۔۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں، میڈیا اور سول سوسائٹی کو کردار ادا کرنا چاہئے، ماحولیاتی تحفظ کو قومی پالیسی کا بنیادی ستون بنانے کی ضرورت ہے، پاکستان بین الاقوامی تعاون اور کلائمیٹ ایکشن کے لیے پرعزم ہے، آنے والی نسلوں کے لیے محفوظ اور پائیدار ماحول کی فراہمی ہماری ذمہ داری ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ماحولیاتی تحفظ کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان ماحول کے تحفظ کے لیے عالمی برادری کے ساتھ کھڑا ہے۔ عالمی یومِ ماحولیات کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ ہمارے ماحول کا تحفظ مشترکہ عالمی ذمہ داری ہے اور انسانیت کو درپیش ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مربوط عالمی اقدامات ناگزیر ہیں، سیلاب، خشک سالی اور گلیشیئرز کا تیزی سے پگھلنا موسمیاتی تبدیلی کی تلخ حقیقت کی عکاسی کرتے ہیں۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پاکستان ان ممالک میں شامل ہے جو موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں، ماحولیاتی تنزلی کے باعث ملک کو انسانی اور معاشی سطح پر بھاری نقصانات کا سامنا ہے۔ ان چیلنجز سے نمٹنے کے لیے انفرادی، حکومتی اور عالمی سطح پر مضبوط عزم اور مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے عوام پر زور دیا کہ وہ ماحول دوست طرزِ زندگی اپنانے کے عزم کی تجدید کریں اور سب مل کر سرسبز، ماحول دوست اور مضبوط پاکستان کی تعمیر کے لیے مشترکہ کوششیں کریں۔ آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کے لیے ماحول کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 5

10 جون کو شام 5 بجے طلب کر لیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اجلاسوں کی سمری بھی ارسال کر دی گئی ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے کہا گیا کہ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب بجٹ سے ایک روز قبل یعنی 9 جون کو ملکی ’اقتصادی سروے‘ پیش کریں گے۔ اس اہم ترین بجٹ سیشن سے قبل 8 جون کو وزیراعظم شہباز شریف کی صدارت میں ’قومی اقتصادی کونسل‘ کا اجلاس متوقع ہے، جس میں وفاق اور صوبوں کے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ سالانہ اقتصادی اہداف اور ترقیاتی ترجیحات پر بڑے فیصلے کیے جائیں گے۔ دوسری جانب، وفاقی بجٹ پر حکومت اور اس کی اہم اتحادی جماعت پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے درمیان ڈیڈلاک تاحال برقرار ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی پی پی قیادت نے بجٹ تجاویز پر لچک دکھانے پر اپنی ہی پارٹی کی بجٹ کمیٹی پر شدید برہمی کا اظہار کیا ہے۔ پارٹی قیادت کی جانب سے کمیٹی کو ’پوائنٹ ٹو پوائنٹ‘ بات کرنے اور حکومتی تجاویز کی فوری حمایت نہ کرنے کی سخت ہدایات دی گئی تھیں، تاہم کمیٹی نے مبینہ طور پر بعض حکومتی نکات سے اتفاق کیا۔ اس صورتحال کے بعد اب پیپلز پارٹی کی اعلیٰ قیادت وفاقی بجٹ پر حکومت سے براہِ راست مذاکرات کرے گی، جس کے لیے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی وزیراعظم شہباز شریف اور نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے جلد ملاقاتیں متوقع ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 6

احوال سامنے آ گیا۔ اجلاس میں پیپلز پارٹی کے رہنما فریال تالپور، نبیل گبول، قادر پٹیل اور صوبائی وزیر داخلہ ضیاء لنجار سمیت دیگر حکام نے شرکت کی۔ ذرائع کے نے بتایا کہ اجلاس کے دوران سندھ پولیس نے قائمہ کمیٹی میں انمول پنگی کی لاہور سے گرفتاری کا اعتراف کر لیا۔ جس پر ایم این اے آغا رفیع اللہ برہم ہو گئے اور سوال اٹھایا کہ ”جب پنگی کو لاہور سے پکڑا گیا تو ہر جگہ سندھ کا نام کیوں بدنام کیا گیا؟“ اجلاس میں اس وقت دلچسپ صورتحال پیدا ہو گئی جب قادر پٹیل نے پان گٹکے پر پابندی کے قانون کو چیلنج کیا۔ انہوں نے کہا، ”ہمیں بریفنگ میں بتایا گیا ہے کہ ملک سے ایک ارب روپے کی نسوار ایکسپورٹ کی گئی ہے، تو پھر پان اور گٹکے پر پابندی کیوں ہے؟“ اس پر وزیر داخلہ ضیاء لنجار نے جواب دیا کہ ملکی قانون میں جھول موجود ہے، جبکہ ماوا گٹکا اور نسوار کے نقصانات ایک دوسرے سے بالکل الگ ہیں۔ منشیات کے خلاف کارروائیوں پر بات کرتے ہوئے نبیل گبول نے پولیس کو آڑے ہاتھوں لیا اور الزام عائد کیا کہ ماوا گٹکے اور منشیات کے خلاف صرف لیاری اور غریبوں کے علاقوں میں کارروائی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا، کارندہ) کس طرح پولیس کے ذریعے منشیات سپلائی کرواتا ہے۔“ اس موقع پر فریال تالپور نے نبیل گبول کو فہرست فراہم کرنے کی ہدایت کی اور پولیس کو حکم دیا کہ وہ اس فہرست کی روشنی میں منشیات کے خلاف بلاامتیاز اور سخت ترین کارروائی عمل میں لائے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 7

آسان بنانے کے لیے آئی پی او شرائط میں نرمی کر دی ہے۔ جاری اعلامیہ نے مطابق ایس ای سی پی نے شراکت داری میں چلنے والے کاروبار اور لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنرشپس کے لیے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ذریعہ سرمایہ حاصل کرنا مزید آسان بنا دیا ہے۔ نئی سہولت کے تحت ایسے کاروبار جو اسٹاک ایکسچینج کے ذریعہ سرمایہ حاصل کرنا چاہتے ہی، وہ اپنے کاروبار کو ایس ای سی پی میں کمپنی کے طور پر رجسٹر کروا سکیں گے۔ تاہم ابتدائی عوامی پیشکش کے لیے اہلیت حاصل کرنے کی غرض سے وہ کمپنی میں تبدیل ہونے سے قبل اپنے کاروبار کی سابقہ منافع بخش مالی کارکردگی اور مالیاتی گوشواروں کو بھی استعمال کر سکیں گے۔ نظر ثانی شدہ فریم ورک کے تحت اہل کاروبار اب کمپنی کی حیثیت اختیار کرنے سے قبل اپنی منافع بخش کاروباری گوشواروں کو آئی پی او کے لیے درکار دو سالہ منافع بخش ریکارڈ کی شرط پوری کرنے کے لیے استعمال کر سکیں گے۔ اس اقدام سے ایسے مستحکم کاروباروں کے لیے اسٹاک ایکسچینج سے کاروبار کے فروغ کے لیے سرمایہ حاصل کرنے میں حائل ایک بڑی رکاوٹ دور ہو جائے گی۔ تاہم سرمایہ کاروں کے مفادات کے تحفظ کے لیے نظر ثانی شدہ ضوابط میں متعدد حفاظتی اقدامات بھی شامل کیے گئے ہیں۔ اہل کاروباروں کو گزشتہ کم از کم دو مالی سالوں کے نظر ثانی شدہ مالیاتی گوشوارے تیار کرنا ہوں گے، جن آڈٹ کوالٹی کنٹرول ریویو سے منظور شدہ آڈٹ فرم کے ذریعہ کیا گیا ہو۔ انہیں اسی مدت کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بھی جمع کرانا ہوں گے، جس دوران کمپنی پبلک لمیٹڈ کمپنی کے طور پر کام کر رہی ہو۔ اس کے علاوہ اسپانسرز کے تمام حصص لسٹنگ کے دو سال تک تبدیل نہیں کیے جا سکیں گے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 8

کمپنی کیسپر سکی نے انکشاف کیا ہے کہ جنوری سے مئی 2026 تک کیسپر سکی کے سلوشنز نے دنیا بھر میں 92 ہزار سے زائد ایسے حملوں کا پتا لگایا جو مصنوعی ذہانت کی مقبول خدمات اور مصنوعی ذہانت کے معاون نظاموں کے بھیس میں کیے گئے تھے۔ سائبر مجرموں نے صارفین کو نقصان دہ فائلیں ڈاؤن لوڈ کروانے کے لیے قابلِ اعتماد برانڈز کا استعمال کیا، جبکہ جعلی چیٹ جی پی ٹی ایپلی کیشنز تمام دریافت شدہ حملوں کا 49 فیصد تھیں، جبکہ کلاڈ اور جیمنی میں سے ہر ایک کا حصہ 18 فیصد رہا۔ سال کے آغاز سے اب تک کیسپر سکی کے محققین نے 15 ہزار سے زیادہ ایسے نقصان دہ پروگراموں کے نمونے شناخت کیے ہیں جو خودکار مصنوعی ذہانت کے سافٹ ویئر کا روپ دھارے ہوئے تھے، جن میں تیزی سے مقبول ہونے والے اوپن کلا جیسے جعلی ٹولز بھی شامل تھے۔ ان نمونوں میں بینکاری چوری کرنے والے پروگرام، جاسوسی پروگرام، کمزوریوں سے فائدہ اٹھانے والے ٹولز اور ایسے نقصان دہ پروگرام شامل تھے جو مزید نقصان دہ اجزا نصب کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ مئی 2026 میں کیسپر سکی کی عالمی تحقیق اور تجزیاتی ٹیم نے سلور فاکس نامی مستقل خطرہ پیدا کرنے والے گروہ سے منسلک ایک نئی مہم بھی بے نقاب کی۔ اس کارروائی میں حملہ آوروں نے ونڈوز، میک او ایس اور لینکس کے لیے جعلی کلاڈ مصنوعی ذہانت ایپلی کیشنز تقسیم کیں جس سے حملہ آوروں کو طویل مدت تک نظاموں اور حساس معلومات تک رسائی حاصل ہو جاتی تھی۔ کیسپر سکی کی عالمی تحقیق اور تجزیاتی ٹیم سینئر رکن دمتری گالوف نے کہا: ”اداروں میں مصنوعی ذہانت کے معاون نظاموں کے متعارف ہونے سے اعتماد کی نوعیت ہی تبدیل ہو جاتی ہے۔ ہر خودکار عمل مختلف نظاموں اور معلومات کے تبادلوں کی ایک وسیع زنجیر کا حصہ بن جاتا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ سیکیورٹی اب صرف آخری صارف کے آلات کے تحفظ تک محدود نہیں رہی بلکہ اس بات کو کنٹرول کرنا بھی ضروری ہے کہ مصنوعی ذہانت سے چلنے والے باہم مربوط عملوں میں ذہانت، اجازتیں اور فیصلے کس طرح آگے منتقل ہوتے ہیں۔“ انہوں نے مزید کہا: ”صارفین کو یہ بھی ذہن میں رکھنا چاہیے کہ حملہ آور مقبول مصنوعی ذہانت خدمات کو بطور لالچ استعمال کر کے متاثرین کی خفیہ معلومات اور رقوم چرانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ موجودہ خطرات کے منظرنامے کی مسلسل تبدیلی کو مدنظر رکھتے ہوئے قابلِ اعتماد حفاظتی حل ڈیجیٹل زندگی کا لازمی حصہ بنتے جا رہے ہیں۔“ کیسپر سکی اداروں کو مشورہ دیتا ہے کہ وہ اپنی کارپوریٹ بنیادی ساخت کو مختلف خطرات سے محفوظ رکھنے کے لیے کیسپر سکی نیکسٹ جیسے حل استعمال کریں جو حقیقی وقت میں تحفظ، خطرات کی نگرانی، تفتیش اور جدید ردِعمل کی صلاحیتیں فراہم کرتے ہوں۔ انفرادی صارفین کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ صرف ان مصنوعی ذہانت خدمات کا استعمال کریں جو معروف کمپنیوں کی جانب سے فراہم کی جاتی ہوں اور جن کا رازداری اور سیکیورٹی کے حوالے سے مضبوط ریکارڈ ہو۔ اپنے معلوماتی تحفظ کے لیے ایسا حفاظتی حل استعمال کریں جو جعلسازی پر مبنی ویب سائٹس تک رسائی کو روکے اور نقصان دہ پروگراموں کی تنصیب کو ناکام بنائے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 9

میں اضافے کا امکان ہے دوسری جانب بین الاقوامی مالیاتی فنڈ نے بھی سیلز ٹیکس 10 فیصد سے بڑھا کر 18 فیصد کرنے کی منظوری دے دی ہے اور نئی ٹیکس شرح یکم جولائی 2026 سے نافذ ہونے کا امکان ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 10

سالانہ اقتصادی اہداف اور ترقیاتی ترجیحات پر بڑے فیصلے کیے جائیں گے۔ دوسری جانب، وفاقی بجٹ پر حکومت اور اس کی اہم اتحادی جماعت پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے درمیان ڈیڈلاک تاحال برقرار ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی پی پی قیادت نے بجٹ تجاویز پر لچک دکھانے پر اپنی ہی پارٹی کی بجٹ کمیٹی پر شدید برہمی کا اظہار کیا ہے۔ پارٹی قیادت کی جانب سے کمیٹی کو ’پوائنٹ ٹو پوائنٹ‘ بات کرنے اور حکومتی تجاویز کی فوری حمایت نہ کرنے کی سخت ہدایات دی گئی تھیں، تاہم کمیٹی نے مبینہ طور پر بعض حکومتی نکات سے اتفاق کیا۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 11

گئے، جبکہ ضلع مہمند میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی میں دو خوارج ہلاک ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک دہشتگردوں سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا، مارے گئے خوارج متعدد دہشتگرد کارروائیوں میں ملوث تھے، علاقے میں کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے۔ آئی ایس پی آر نے مزید کہا کہ ملک سے دہشتگردی کے خاتمے تک آپریشنز جاری رہیں گے، عزم استحکام کے تحت انسداد دہشتگردی مہم پوری قوت سے جاری ہے، سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پُرعزم ہیں، غیر ملکی سرپرستی یافتہ دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 12

گی۔ 24 انتخابی حلقوں میں مجموعی طور پر 403 امیدوار مدمقابل ہیں۔ الیکشن کمیشن کے اعداد و شمار کے مطابق 272 آزاد امیدوار جبکہ 131 امیدوار مختلف سیاسی جماعتوں کے ٹکٹ پر انتخابات میں حصہ لے رہے ہیں۔ الیکشن کے لیے انتظامی اقدامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ ووٹرز کے لیے 1389 پولنگ اسٹیشنز بنائے گئے ہیں۔ میڈیا کوآرڈینیٹر الیکشن کمیشن کے مطابق پولنگ عملے کی تعیناتی کر دی گئی ہے۔ 1389 پریزائیڈنگ افسران، 2450 اسسٹنٹ پریزائیڈنگ افسران اور 2450 پولنگ افسران مقرر کیے گئے ہیں۔ دوسری جانب جی پی پولیس کے مطابق گلگت بلتستان میں عام انتخابات کے لیے سیاسی سرگرمیاں عروج پر پہنچ گئی ہیں جب کہ خطے میں امن و امان کی صورتحال تسلی بخش اور مکمل قابو میں ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ جی بی میں الیکشن کے سلسلے میں یکم مئی سے اب تک پرامن ماحول میں مجموعی طور پر 614 سیاسی سرگرمیاں ہوئیں۔ انتخابی مہم کے دوران اب تک 62 بڑے عوامی اجتماعات کا انعقاد کیا گیا۔ خطے بھر میں اب تک 217 عوامی نشستیں اور افتتاحی تقریبات منعقد ہوئیں۔ 243 سیاسی دفاتر قائم اور 92 جلوس نکالے گئے۔ جی بی پولیس نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ الیکشن کے دن ذمہ داری، برداشت، قانون پسندی کا مظاہرہ کریں۔ افواہوں، اشتعال انگیز بیانات اور منفی پروپیگنڈے سے مکمل اجتناب کرتے ہوئے انتخابی ضابطہ اخلاق اور ملکی قوانین کی مکمل پاسداری یقینی بنائیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال کے لیے شہری فوری طور پر ہیلپ لائن 15 پر رابطہ کریں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 13

ہیں، پاکستان کو چلانے کیلئے حق حکمرانی عوام کو دینا ہوگا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ 2024 کے الیکشن نیلام ہوئے تھے، جب سیٹ 40 کروڑ روپیکی بلیکی تو کون الیکشن میں حصہ لے گا۔ محمود خان اچکزئی نیکہا 28 ویں ترمیم بہت بڑی غلطی ہوگی، پہلے ہی آئین کا بیڑا غرق کر دیا گیا ہے، ہم آئین اور حلف پر چلیں تو پاکستان دنیا کا بہترین ملک بن سکتا ہے۔ سربراہ تحریک تحفظ آئین پاکستان نے کہا ہم نے اس مٹی سے وفا اور محبت کی ہے، جس علاقے سے معدنیات نکلے اس پر وہاں کیلوگوں کا اچکزئی حق تسلیم کیا جائے۔ محمود خان اچکزئی بولیسم بانی پی ٹی آئی کی رہائی کا کہتے کہتے تھک گئے ہیں، بائی پی ٹی آئی سے ملاقات پر پابندی ہے، ان کی بہنوں کو نہیں ملنے دیا جا رہا۔ محمود خان اچکزئی کا کہنا تھا کہ اگر ایران امریکا جنگ ہوئی تو پاکستان اور افغانستان بھی متاثر ہوں گے، افغانستان پاکستان اور ایران مل کر اتحاد بنائیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 14

سطح پر کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے، ہمیں پرامن دنیا کی جانب بڑھنا ہے، اس کے لیے سرحدوں کی حفاظت ضروری ہے۔ کرغزستان کے دارالحکومت میں شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے داخلہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ سرحدوں کی حفاظت کے لیے اقدامات ضروری ہیں، بارڈر سکیورٹی کے لیے ایس سی او کا پلیٹ فارم اہم ہے، اجماعتیں کاوشیں کرنا ہوں گی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان ہر ملک کی خودمختاری کا احترام کرتا ہے، ہمیں ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھانا ہے، بارڈر سکیورٹی سرحدی جرائم کی روک تھام کیلئے بہت اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے خطے کو سنگین اور پیچیدہ سکیورٹی چیلنجز کا سامنا ہے، دہشت گردی، منظم جرائم، منشیات کی سمگلنگ، سائبر کرائم اور ٹیرر فنانسنگ کے خلاف مشترکہ حکمت عملی ناگزیر ہے، جرائم پیشہ نیٹ ورکس مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کا غلط استعمال کر رہے ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ بدلتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کے لیے اداروں کی جدید خطوط پر ہم آہنگی ضروری ہے، پاکستان شنگھائی سپرٹ کے اصولوں باہمی اعتماد، مساوی شراکت اور خودمختاری پر مکمل کاربند ہے، پاکستان نے دہشت گردی اور انتہاپسندی کے خلاف بے مثال قربانیاں دی ہیں، قومی ایکشن پلان کے تحت انٹیلیجنس کوآرڈینیشن، بارڈر مینجمنٹ اور اینٹی منی لانڈرنگ اقدامات کو مضبوط بنایا گیا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ ایس سی او آر اے ٹی ایس کے تحت انٹیلیجنس شیئرنگ اور مشترکہ خطرات کے تجزیے میں تعاون اور آن لائن انتہاپسندی کے تدارک کے لیے مشترکہ اقدامات کو مزید موثر بنانے کی ضرورت ہے، اس ضمن میں پاکستان ورکشاپس اور ماہرین کے تبادلے کے اقدامات کی بھرپور حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سائبر انٹیلیجنس اور ڈیجیٹل فرانزکس میں علاقائی تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے، منشیات کی سمگلنگ دہشت گردی کی مالی معاونت کا بڑا ذریعہ ہے، منشیات، آن لائن نیٹ ورکس اور کرپٹو ٹرانزیکشنز کے خلاف مشترکہ حکمت عملی ضروری ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستان کی اینٹی نارکوٹکس فورس ایس سی او سطح پر انسدادِ منشیات اقدامات میں مکمل متحرک ہے، دہشت گردوں کی مالی معاونت روکنا پاکستان کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، پاکستان نے اینٹی منی لانڈرنگ نظام میں اصلاحات کی ہیں اور پاکستان کا مضبوط اینٹی منی لانڈرنگ فریم ورک فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشت گرد مالی نیٹ ورکس کو ختم کرنے کے لیے مضبوط علاقائی تعاون ناگزیر ہے، ہمارے چیلنجز مشترکہ ہیں، اس لیے ہماری کاوشیں بھی اجتماعی اور مربوط ہونی چاہئیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پرامن اور محفوظ ایس سی او خطہ ہماری مشترکہ کوششوں کا ہدف ہے، ہم 2027 میں اسلام آباد میں منعقد ہونے والی ایس سی او سمٹ میں شرکاء کے استقبال کے منتظر ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 15

نیلام ہوئے تھے، جب سیٹ 40 کروڑ روپیکی بلیکی تو کون الیکشن میں حصہ لے گا۔ محمود خان اچکزئی نیکہا 28 ویں ترمیم بہت بڑی غلطی ہوگی، پہلے ہی آئین کا بیڑا غرق کر دیا گیا ہے، ہم آئین اور حلف پر چلیں تو پاکستان دنیا کا بہترین ملک بن سکتا ہے۔ سربراہ تحریک تحفظ آئین پاکستان نے کہا ہم نے اس مٹی سے وفا اور محبت کی ہے، جس علاقے سے معدنیات نکلے اس پر وہاں کیلوگوں کا اچکزئی حق تسلیم کیا جائے۔ محمود خان اچکزئی بولیسم بانی پی ٹی آئی کی رہائی کا کہتے کہتے تھک گئے ہیں، بائی پی ٹی آئی سے ملاقات پر پابندی ہے

بقیہ نمبر ☆.....☆ 16

ئے کہا ہے کہ پاکستان بڑا خودمختار ملک ہے، کسی کا تابع نہیں۔ روسی صدر پوتن نے پاکستان مخالف سوال پر بھارتی صحافی کو لاجواب کر دیا، روسی صدر نے کہا کہ پاکستان بڑا خودمختار ملک ہے، کسی کا تابع نہیں، امید ہے امریکا اور ایران کسی سمجھوتے پر پہنچ جائیں گے، روس بھی امریکا ایران معاہدہ چاہتا ہے، یوکرین کے ساتھ پرامن طریقے سے معاہدے کیلئے تیار ہیں۔ ولادیمیر پوتن نے سینٹ پیٹرز برگ اکنامک فورم میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چین کے ساتھ ہمیشہ فوجی میدان میں تعاون کیا، ایسا کرنا جاری رکھیں گے، ہم کسی کے خلاف نہیں، باہمی مفادات کیلئے کام کرتے ہیں، چین کے ساتھ ہمارے مفادات یکساں ہیں۔ روسی صدر پوتن کا کہنا تھا کہ بھارت، امریکا تعلقات روس اور بھارت تعلقات میں کبھی رکاوٹ نہیں بنے، ہم بھارت کے ساتھ اپنے تعلقات کو فروغ دینا جاری رکھیں گے، ڈونباس کے علاقے کا کنٹرول حاصل کر سکتے اور اب بھی امن معاہدہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ روسی افواج یوکرین میں پیش قدمی کر رہی ہیں، یوکرین کی فوج کا سب سے بڑا مسئلہ عملے کی شدید کمی ہے، یوکرین اپنے علاقے کھو رہا ہے، لوہانسک پر روس کا مکمل کنٹرول ہے، روس نے حال ہی میں یوکرین کا 2440 مربع کلومیٹر کا علاقہ قبضے میں لیا۔ روسی صدر نے مزید کہا کہ یوکرین کو میزائلوں اور دیگر اسلحے کی کمی کا سامنا ہے، ہم یوکرین کے ساتھ پرامن طریقے سے ڈیل کرنے کیلئے تیار ہیں، الاسکا میں صدر ٹرمپ نے سمجھوتوں کا کہا، روس اس کیلئے تیار ہے، یوکرین کو بھی سمجھوتہ کرنے کی ضرورت ہے۔ صدر پوتن نے کہا کہ روسی اور یورپی انٹیلی جنس سروسز کے درمیان رابطے جاری ہیں، جرمنی کو نورد اسٹریم کے ذریعے روسی گیس کی فراہمی پر فیصلہ کرنا ہوگا، ہم جرمنی کو روسی گیس کی فراہمی کے لئے تیار ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 17

ت لانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ ان اصلاحات کے تحت رعایتی عمومی سیلز ٹیکس (جی ایس ٹی) کو مرحلہ وار ختم کرنے اور آٹھویں شیڈول کے تحت دی جانے والی کئی مراعات کو ختم کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ادویات کی تیاری میں استعمال ہونے والے خام مال پر ٹیکس پالیسی میں تبدیلی کی سفارش کی گئی ہے جبکہ سولر فوٹو وولٹائیک سیلز کو دی جانے والی موجودہ سہولت کو واپس لینے پر بھی غور چل رہا ہے۔ اس کے علاوہ اسٹیشنری اور بعض بنیادی اشیائے خورونوش پر دی جانے والی رعایتیں کم یا ختم کرنے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ حکومت ترجیحی ٹیکس مراعات کے بجائے یکساں ٹیکس نظام کی طرف بڑھ رہی ہے تاکہ ٹیکس نیٹ میں توسیع کی جا سکے اور محصولات میں اضافہ ہو۔ یہ اقدامات عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کے پروگرام کے تحت مالی پالیسی میں اصلاحات اور مراعات میں کمی کے منصوبے کا حصہ ہو سکتے ہیں۔ زرعی شعبے میں بھی ٹریکٹرز اور ڈی اے پی کھاد پر دی گئی ٹیکس رعایتیں کم کرنے یا ختم کرنے کی تجاویز زیر غور ہیں۔ اسی طرح پولٹری اور مویشیوں کی خوراک پر سیلز ٹیکس کی معافی ختم کرنے کی بھی تجویز ہے۔ کمپیوٹرز اور لیپ ٹاپس پر سیلز ٹیکس میں اضافے کی سفارش دی گئی ہے، جبکہ الیکٹرک اور ہائبرڈ گاڑیوں کو حاصل مراعات برقرار رکھنے یا ختم کرنے کا فیصلہ بھی بجٹ میں شامل ہوگا۔ یہ تبدیلیاں مختلف شعبوں کی قیمتوں میں اضافے اور سیلز میں ممکنہ کمی یا اضافہ کا باعث بن سکتی ہیں۔ وفاقی بجٹ میں اس حوالے سے اہم اور متوقع فیصلے آئندہ چند دنوں میں سامنے آنے کا امکان ہے، جس سے ملک کی ٹیکس پالیسی اور مالیاتی صورتحال پر گہرے اثرات مرتب ہوں گے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 18

کے لیے جرمن جنگی بحری جہاز لبنان روانہ کر دیا۔ جرمن فوجی حکام کے مطابق مشرقی بحیرۂ روم میں سکیورٹی صورتحال بگڑنے کے بعد تعیناتی کا فیصلہ کیا گیا، فریگیٹ لبنان کے ساحلی علاقوں میں سمندری نگرانی انجام دے گا، لبنانی بحریہ کو تربیت بھی فراہم کی جائے گی۔ جرمنی نے کہا ہے کہ جرمن جنگی جہاز پر 170 فوجی اہلکار سوار ہیں، عملے کی صلاحیتوں پر مکمل اعتماد ہے، بحریہ کسی بھی ممکنہ صورتحال کا مو

ہیٹ ویو سے بچاؤ کیلئے آر ڈی ایف اور این سی اے کا ٹھنڈے پانی کا کیمپ

شدید گرمی میں شہریوں کو مفت پانی اور احتیاطی تدابیر سے آگاہی فراہم

سانگھڑ رپورٹ (ڈاکٹر ارشاد جٹ) سانگھڑ آر ڈی ایف اور این سی اے کے زیر اہتمام ہیٹ ویو سے بچاؤ کے لیے ٹھنڈے و میٹھے پانی کا کیمپ قائم سانگھڑ: گرمی کی شدت میں مسلسل اضافے اور ہیٹ ویو کے پیش نظر آر ڈی ایف اور این سی اے کی جانب سے ٹریفک چوک سانگھڑ پر شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ٹھنڈے و میٹھے پانی کا کیمپ لگایا گیا۔ کیمپ میں شہریوں کو مفت ٹھنڈا پانی فراہم کیا گیا جبکہ گرمی سے بچاؤ اور احتیاطی تدابیر کے حوالے سے آگاہی بھی دی گئی یہ کیمپ ایک ماہ کے لئے لگایا گیا اس موقع پر شہر کی مختلف سیاسی، سماجی اور فلاحی تنظیموں کے نمائندوں سمیت مختلف این جی اوز کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر آر ڈی ایف کی ڈسٹرکٹ منیجر نادیہ شاہ، پروجیکٹ منیجر اظہر حسین، مانیٹر افسر میڈم روزینہ مقصود، شول مبلا ئزر رابیل ممتاز، عبدالمجید بھٹی، سماجی ورکر ساجدہ شاہ، شمسلا آرائیں، قطر چرائی منیجر راحیل، غلام قادر انڑ، بی ایس ایس پی، انچارج 15 لالا حمید، شکیلہ مغل، غلام قادر، عادل مغل، سہیل صدیقی، منور شاہین، رانا ثقلین، رحمان خاصخیلی، غلام رسول ناریجو اور اس اقدام کو عوامی خدمت کی بہترین مثال قرار دیا۔ شدید گرمی کے باعث شہریوں نے بھی کیمپ کا رخ کیا اور ٹھنڈا پانی پی کر اپنی پیاس بجھائی منتظمین کا کہنا تھا کہ ہیٹ ویو کے دوران عوام کو زیادہ سے زیادہ پانی پینا چاہیے، غیر ضروری طور پر دھوپ میں نکلنے سے گریز کرنا چاہیے اور بچوں، بزرگوں اور مریضوں کا خصوصی خیال رکھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ انسانی خدمت کے جذبے کے تحت یہ کیمپ قائم کیا گیا ہے تاکہ گرمی کی شدت سے متاثر ہونے والے افراد کو فوری سہولت فراہم کی جا سکے شہریوں نے آر ڈی ایف اور این سی اے کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ فلاحی ادارے مستقبل میں بھی عوامی فلاح و بہبود کے ایسے اقدامات جاری رکھیں گے۔

صغیر احمد راجپوت کی صحافتی خدمات کے اعتراف میں ایوارڈ

سماجی تنظیم ایس ڈی ایف نے نمایاں صحافتی کردار کو سراہا

اسلام آباد (پی پی اے) فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی میں جوائنٹ فورسز الائنس کے زیر اہتمام تقریب منعقد ہوئی جس میں اسلام آباد پولیس کی نمائندگی کرتے ہوئے ایس ایچ او آن لائن ویمن پولیس اسٹیشن مریم نثار نے شرکت کی تقریب کی مہمانِ خصوصی رکنِ قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب تھی اس موقع پر مریم نثار نے شرکاء اور طالبات کو خواتین کے لیے مختص ہیلپ لائن 1815 کی اہمیت افادیت اور خواتین کے تحفظ کے حوالے سے اس

مظفر آباد میں آزاد کشمیر اسمبلی انتخابات 2026 کا شیڈول جاری

آزاد کشمیر میں 7 2 جولائی کو پولنگ، انتخابی سرگرمیوں کا باقاعدہ آغاز


ASAD JAMMU & KASHMIR ELECTION COMMISSION SECRETARIAT
Mirpur Road, Near Ex-Council Hall, Muzaffarabad

NOTIFICATION

No. EC/01/14346-14826/2026. In exercise of the powers conferred by Section 26 (1) of the Azad Jammu and Kashmir Elections Act 2020, the Azad Jammu and Kashmir Election Commission, is pleased to call upon the electors of each constituency of the Azad Jammu and Kashmir Legislative Assembly, as approved by the Delimitation Commission vide Notification No.EC/01/1788-12/2020 dated 14.05.2026 to elect a member from each constituency, and for the said purpose, has also appointed the following days for the conduct of General Elections and matters incidental thereto:-

1.	Date for filing of nomination papers before the Returning Officers.	09.06.2026 to 19.06.2026 (Up to 4.00 p.m)
2.	Scrutiny of nomination papers.	20.06.2026 From 8.00 a.m onward
3.	Publication of list by the Returning Officer of validly nominated candidates.	20.06.2026
4.	Last date for filing of appeals before the Election Commission at No. 1/ Opposite AJK Legislative Assembly, Near Secretariat Chowk, Muzaffarabad against rejection/ acceptance of nomination papers.	21.06.2026 to 24.06.2026 Before 2.00 p.m
5.	Disposal of appeals by the Election Commission in its office at Muzaffarabad.	26.06.2026 to 27.06.2026 9.00 a.m to 4.00 p.m
6.	Last date for withdrawal of candidacy.	28.06.2026 to 29.06.2026 Hours same as for withdrawal of candidacy.
7.	Publication of the list of contesting candidates.	02.07.2026 Before 2.00 p.m
8.	Allotment of symbols.	02.07.2026 Before 2.00 p.m
10.	Publication of final list of contesting candidates showing the symbols allotted to them immediately after allotment of symbols.	03.07.2026
11.	Date of poll (22 days after publication of the list of contesting candidates).	22.07.2026 From 8.00 a.m to 5.00 p.m

This Notification shall take effect immediately.

By Order of the Election Commission
Sd/-
(Haji Muhammad Shakeel Khan)
Secretary Election Commission

Copy of the above is forwarded to:-
1. His excellency the Chief Election Commissioner of AJK& Muzaffarabad.
2. His excellency the Member Election Commission of AJK& Muzaffarabad.
3. His excellency the Chief Secretary, Punjab, Sindh, Khyber Pakhtunkhwa.
4. His excellency the Chief Secretary, Azad Govt of the State of Jammu and Kashmir Muzaffarabad.
5. His excellency the Inspector General of Police, Islamabad.

مظفر آباد (پی پی اے) آزاد جموں و کشمیر الیکشن کمیشن نے قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات 2026 کے انعقاد کے لیے باقاعدہ انتخابی شیڈول جاری کر دیا ہے شیڈول کے مطابق انتخابات کے لیے پولنگ 27 جولائی 2026 کو صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک بلاتعطل جاری رہے گی الیکشن کمیشن کے مطابق امیدوار 9 جون سے 19 جون تک اپنے کاغذات نامزدگی متعلقہ ریٹرننگ افسران کے پاس جمع کرا سکیں گے جبکہ کاغذات کی جانچ پڑتال 20 جون کو ہوگی منظور یا مسترد شدہ کاغذات نامزدگی کے خلاف اپیلیں 21 سے 24 جون تک دائر کی جا سکیں گی جن پر ساعت 26 اور 27 جون کو ہوگی جبکہ فیصلے 28 اور 29 جون کو سنائے جائیں گے امیدوار 30 جون تک اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے سکیں گے یکم جولائی کو امیدواروں کی حتمی فہرست جاری کی جائے گی جبکہ 2 جولائی کو انتخابی نشانات الاٹ کیے جانے کے بعد امیدواروں کی مکمل فہرست شائع کر دی جائے گی الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ انتخابات کو آزادانہ منصفانہ شفاف اور غیر جانبدار بنانے کے لیے تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے اس مقصد کے لیے ضلعی انتظامیہ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کے ساتھ مؤثر رابطہ کاری کا نظام بھی قائم کر دیا گیا ہے تاکہ انتخابی عمل پرامن اور منظم انداز میں مکمل ہو سکے الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری

بجٹ میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیا جائے، انتظار علی کندل

بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا مطالبہ

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) معروف ماہر تعلیم ایور شائن سوشل ویلفیئر سوسائٹی کے صدر دارالاسلام ہائی سکول سانگلہ ہل کے ایم ڈی سر انتظار علی کندل نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ حکومت بجٹ میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرے بجلی گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کی جائے انہوں نے کہا کہ ٹیکسوں کے بوجھ کی وجہ سے کاروباری حضرات و دیگر طبقہ پہلے ہی بہت زیادہ پریشان ہے مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے لہذا عوام دوست بجٹ بنایا جائے انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے تناسب سے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے مزدوروں کسانوں کو مراعات دی جائیں روزمرہ کے استعمال کی اشیاء خورد و نوش پر مزید ٹیکس نہ لگایا جائے اور افراط زر کو پیدا ہونے سے روکا جائے

ڈاکٹر نواز کنول گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج کے پرنسپل مقرر

تعلیمی خدمات کے اعتراف پر ڈاکٹر نواز کنول کو مبارکباد اور نیک تمنائیں

سانگلہ ہل کے میٹنگ ڈائریکٹر سر عبدالغفار انجم

ڈاکٹر نواز کنول کو گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج فار بوائز کا پرنسپل بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں سر عبدالغفار انجم صدر پاکستان چیمبرز آف ایجوکیشن تحصیل سانگلہ ہل سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) پاکستان چیمبرز آف ایجوکیشن تحصیل سانگلہ ہل کے صدر آکسفرڈ ہائی سکول نے معروف ماہر تعلیم نقاد اور ادیب پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول کو گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج فار بوائز سانگلہ ہل کا پرنسپل بننے پر پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن تحصیل سانگلہ ہل کی طرف سے مبارک باد پیش کی اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

پاکستان آئی ٹی شعبے میں 30 ارب ڈالر برآمدات حاصل کر سکتا ہے، نصر اللہ رندھاوا

سرکاری عمارتوں کو آئی ٹی پارکس میں تبدیل کر کے نوجوانوں کو روزگار دیا جائے

اسلام آباد (پی پی اے) امیر جماعت اسلامی اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا نے کہا ہے کہ پاکستان کے نوجوان آئی ٹی فری لانسنگ اور سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ کے شعبوں میں غیر معمولی صلاحیتوں کے حامل ہیں اور ملک کو خطے کا اہم آئی ٹی مرکز بنانے کی مکمل استعداد رکھتے ہیں بجٹ معیشت اور توانائی بحران سے حل تک کے موضوع پر میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت آئی ٹی سیکٹر اسٹارٹ اپس اور ڈیجیٹل انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری کرے تو پاکستان آئندہ چند برسوں میں آئی ٹی برآمدات کو موجودہ سطح سے بڑھا کر 20 سے 30 ارب ڈالر تک لے جا سکتا ہے انہوں نے تجویز دی کہ پی ڈبلیو ڈی پاکستان پوسٹ اور دیگر سرکاری اداروں کی غیر استعمال شدہ عمارتوں کو آئی ٹی پارکس اور انکیوبیشن سینٹرز میں تبدیل کیا جائے ان کا کہنا تھا کہ ملک بھر میں تیز رفتار انٹرنیٹ کی فراہمی آئی ٹی اسٹارٹ اپس کے لیے خصوصی فنڈ آسان قرضوں اور ٹیکس مراعات سے نوجوانوں کے لیے روزگار کے وسیع مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں نصر اللہ رندھاوا نے کہا کہ نوجوانوں کو سرکاری ملازمتوں کا منتظر رکھنے کے بجائے انہیں روزگار پیدا کرنے والا بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

چٹھہ گلوبل کمیونٹی کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ چھ جون کو منعقد ہوگا

ماہر ڈاکٹروں کی ٹیم مفت معائنہ اور ادویات فراہم کرے گی

چٹھہ گلوبل کمیونٹی کے زیر اہتمام کھمی چک نمبر 139 رب میں فری میڈیکل کیمپ لگایا جائے گا چھ جون کو کوالیفائیڈ ڈاکٹرز لوگوں کا مفت چیک اپ کریں گے بیرسٹر ارسلان ادریس چٹھہ چک جھمرہ (سانگلہ ہل نمائندگان) چٹھہ گلوبل کمیونٹی کے زیر اہتمام چھ جون کو چک نمبر 139 رب کھمی چک جھمرہ میں فری میڈیکل کیمپ لگایا جائے گا جس میں معروف کوالیفائیڈ ڈاکٹرز شمنم طارق ڈاکٹر نمار الماس چٹھہ ڈاکٹر منصور الحسن ڈاکٹر سجاد حیدر چٹھہ ڈاکٹر طارق نذیر چٹھہ اور ڈاکٹر فاروق انور چٹھہ لوگوں کا فری میڈیکل چیک اپ کریں گے فری میڈیکل کیمپ میں لوگوں کو مفت ادویات بھی دی جائیں گے بیرسٹر ارسلان ادریس چٹھہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ فری میڈیکل کیمپ میں سینکڑوں لوگوں کو مفت طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی کہ فری میڈیکل کیمپ میں سینکڑوں لوگوں کو مفت طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی کہ فری میڈیکل کیمپ میں سینکڑوں لوگوں کو مفت طبی

حضرت عثمان غنی کے یوم شہادت پر ریلی نکالی گئی صحابہ

کرام کی محبت واحترام ایمان کا حصہ ہے

علماء کرام سانگھڑ (نامہ نگار ڈاکٹر ارشاد جٹ) یوم شہادت حضرت عثمان غنیؓ کے سلسلے میں سنی رابطہ کونسل سانگھڑ کی ریلی علماء کرام کی شرکت، یوم شہادت خلیفہ سوم حضرت عثمان غنیؓ کے موقع پر سنی رابطہ کونسل تعلقہ سانگھڑ کے زیر اہتمام مدحِ صحابہؓ ریلی نکالی گئی۔ ریلی موبائل مارکیٹ سانگھڑ سے پریس کلب سانگھڑ پہنچی جس میں علماء کرام، مذہبی رہنماؤں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے حضرت عثمان غنیؓ اور دیگر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور مدحِ صحابہؓ کے حق میں نعرے لگائے۔ ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی سانگھڑ پریس کلب کے سامنے سنی رابطہ کونسل سانگھڑ کے رہنما سید سمیع شاہ، ابو طلحہ مفتی، اکبر انقلابی، واحد جمالی دیگر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضرت عثمان غنیؓ کی حیاتِ مبارکہ، اسلام کے لیے ان کی قربانیوں اور خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ صحابہ کرامؓ کی محبت و احترام ایمان کا حصہ ہے۔ انہوں نے اتحادِ امت، بھائی چارے اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ پر بھی زور دیا۔ ریلی میں بچوں نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی،

پاکستان نے آسٹریلیا کو شکست دے کر ون ڈے سیریز اپنے نام کر لی

شاداب خان اور شاہین آفریدی کی شاندار کارکردگی، پاکستان کی تاریخی کامیابی

لاہور (پی پی اے) پاکستان نے تیسرے اور فیصلہ کن ایک روزہ میچ میں آسٹریلیا کو 4 وکٹوں سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز 1-2 سے اپنے نام کر لی قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے میچ میں قومی ٹیم نے 158 رنز کا ہدف 41.5 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کیا پاکستان کی کامیابی میں شاداب خان اور عبدالصمد نے اہم کردار ادا کیا دونوں نے ساتویں وکٹ کے لیے ناقابل شکست 49 رنز کی شراکت قائم کر کے ٹیم کو فتح سے ہمکنار کیا شاداب خان 29 اور عبدالصمد 18 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے جبکہ بابر اعظم 40 رنز کے ساتھ نمایاں رہے ماز معاذ صداقت نے 27 رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی اس سے قبل آسٹریلیا نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا لیکن پاکستانی بولرز کے سامنے پوری ٹیم 157 رنز پر ڈھیر ہو گئی آسٹریلوی کپتان جوش انگلس 65 رنز بنا کر نمایاں رہے پاکستان کی جانب سے شاہین شاہ آفریدی نے شاندار بولنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا جبکہ ابرار احمد اور شاداب خان نے 2، 2 وکٹیں حاصل کیں شاہین شاہ آفریدی کو بہترین بولنگ پرمیچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا جبکہ نوجوان آل راؤنڈر عرفات منہاس پلیئر آف دی سیریز رہے یہ پاکستان کی آسٹریلیا کے خلاف مسلسل تیسری ون ڈے سیریز

سانگلہ ہل: ایس ڈی پی او سجاد علی تبدیل، نصر اللہ خاں

چٹھہ کو تعینات کر دیا گیا

سانگلہ ہل: ایس ڈی پی او سجاد علی تبدیل، نصر اللہ خاں چٹھہ کو تعینات کر دی گیا سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) انسپکٹر جنرل پنجاب پولیس نے سانگلہ ہل کے ایس ڈی پی او سجاد علی کو تبدیل کر کے ایس ڈی پی او شکر گڑھ تعینات کر دیا اور انکی جگہ پر ایس ڈی پی او شکر گڑھ نصر اللہ خاں چٹھہ کو تعینات کر دیا، افسران کے آرڈرز جاری کر دیئے گئے، عوامی حلقوں نے نئے ایس ڈی پی او نصر اللہ خاں چٹھہ کی تعیناتی کا خیر مقدم کیا ہے۔

محمد جاوید سنی بک ڈپو والے کی وفات پر رنج و غم کی لہر

سیاسی، سماجی اور صحافتی حلقوں کا مرحوم کو خراجِ عقیدت

معروف شخصیت محمد جاوید سنی بکڈ پو والے کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار مرحوم گوناگوں صفات کے حامل تھے خدا مرحوم کے درجات بلند فرمائے سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) معروف شخصیت محمد جاوید سنی بکڈ پو والے رضائے الٰہی سے وفات پا گئے ہیں مرحوم گوناگوں صفات کے حامل تھے مرحوم کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا معروف سیاسی سماجی کاروباری علمی و ادبی اور صحافتی حلقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی کثیر تعداد نے مرحوم کی وفات پر افسوس کا اظہار کیا مرحوم کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی مرحوم کو سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا معروف شخصیت محمد جاوید سنی بکڈ پو والے رضائے الٰہی سے وفات پا گئے ہیں مرحوم گوناگوں صفات کے حامل تھے مرحوم کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا معروف سیاسی سماجی کاروباری علمی و ادبی اور صحافتی حلقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی کثیر تعداد نے مرحوم کی وفات پر افسوس کا اظہار کیا مرحوم کی نماز جنازہ

محرم الحرام سیکیورٹی پلان کو حتمی شکل دینے کی ہدایت

اسلام آباد پولیس میں عوامی سہولیات اور جرائم کے خاتمے پر زور

اسلام آباد (پی پی اے) انسپکٹر جنرل اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈی آئی جیز اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی اجلاس میں محرم الحرام کے سیکیورٹی پلان کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور آئی جی اسلام آباد نے متعلقہ افسران کو انتظامات کو حتمی شکل دینے کی ہدایات جاری کیں اس موقع پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن پولیس اسٹیشنز میں عوامی سہولیات کے منصوبوں میں تیزی سیف سٹی کے توسیعی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور آئی ٹی اقدامات پر پیش رفت یقینی بنانے کے احکامات بھی دیے گئے سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کا ہر افسر عوامی فلاح اور شہریوں کے مسائل و شکایات کے حل کو اپنی اولین ترجیح بنائے انہوں نے ہدایت کی کہ تمام افسران جذبۂ خدمت کے تحت ہر شہری کو وی آئی پی سمجھتے

سابق پرنسپل صالحہ پروین گھر سے مردہ حالت میں پائی گئیں

ڈی ایچ اے فیزون میں پراسرار موت، پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کلر سیداں کی سابق پرنسپل صالحہ پروین ڈی ایچ اے فیزون کے علاقے میں اپنے گھر سے مردہ پائی گئی ہیں۔ اس افسوسناک واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقے میں سنسنی پھیل گئی اور پولیس نے موقع پر پہنچ کر کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، معروف ماہر تعلیم صالحہ پروین اپنی ملازمت سے ریٹائرمنٹ کے بعد راولپنڈی کے پوش علاقے ڈی ایچ اے (DHA) فیزون میں اکیلی رہائش پذیر تھیں۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق وہ گھر میں تنہا تھیں اور ان کی موت کی خبر اس وقت سامنے آئی جب ان کی لاش گھر سے برآمد ہوئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس اور امدادی ٹیموں نے لاش کو تحویل میں لے کر ضروری قانونی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا ہے تاکہ موت کی اصل وجوہات کا تعین کیا جا سکے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ متوفیہ صالحہ پروین کے قانونی ورثا اور رشتہ داروں کا سراغ لگانے کے لیے قریبی ذرائع اور کالج انتظامیہ سے رابطہ کیا جا رہا ہے، تاہم تاحال ان کے اہل خانہ کے بارے میں کوئی ٹھوس معلومات حاصل نہیں ہو سکیں اور ورثا کی تلاش کے لیے کوششیں سرگرمی سے جاری ہیں۔

خصوصی افراد میں معاون آلات کی تقسیم، بااختیار بنانے کی جانب اہم قدم

وہیل چیئرز، ٹرائی سائیکلیں اور ہیرنگ ایڈز کی فراہمی پر خوشی کا اظہار

سانگھڑ (نامہ نگار ڈاکٹر ارشاد جٹ) آلات کے عالمی دن کے موقع پر سانگھڑ میں خصوصی افراد کے لیے معاون آلات کی تقسیم کی گئی بڑی تعداد میں خصوصی افراد کی شرکت سانگھڑ میں خصوصی افراد کی فلاح و بہبود اور انہیں بااختیار بنانے کے لیے سماجی تنظیم سسٹینیبل ڈیولپمنٹ فاؤنڈیشن (ایس ڈی ایف) اور دعا آرگنائزیشن اور حکومت سندھ کے ادارے ڈی ای ای ڈی کے تعاون سے آرگنائزر مجید منگریو کی نگرانی میں ایک نجی ہال میں تقریب منعقد کی گئی، جس میں خصوصی افراد میں مختلف معاون آلات تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں پاکستان پیپلز پارٹی تعلقہ سانگھڑ کے صدر اعجاز حسین زرداری، اسپیشل ایجوکیشن اسکول سانگھڑ کے پرنسپل برکت علی مری، غلام نبی نظامانی، عبدالجبار جونیجو، ساجد صدر، شکیلا مغل، رضیہ دامرہ، مریم سلمیان، اللہ بچائے جانہو پریس کلب کے سنیر نائب صدر صغیر راجپوت، سہیل صدیقی، عاطف آرائیں، سمیت دیگر سماجی و تعلیمی شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خصوصی افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور انہیں تعلیم، روزگار اور سماجی سرگرمیوں میں مساوی مواقع فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاون آلات کی فراہمی سے خصوصی افراد کی زندگی میں آسانی پیدا ہوگی اور وہ زیادہ خودمختاری کے ساتھ اپنے روزمرہ امور انجام دے سکیں گے۔ تقریب کے دوران مستحق خصوصی افراد میں ٹرائی سائیکلیں، وہیل چیئرز، بیساکھیاں اور ہیرنگ ایڈز تقسیم کیے گئے۔ معاون آلات حاصل کرنے والے خصوصی افراد اور ان کے اہل خانہ نے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے سماجی تنظیموں اور متعلقہ اداروں کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب کے اختتام پر خصوصی افراد کی فلاح و بہبود، بحالی اور معاشرے میں ان کی مؤثر شمولیت کے لیے مستقبل میں بھی ایسے اقدامات جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

اسلام آباد میں اسکولوں کو سمر کیمپس کے انعقاد کی اجازت

طلبہ سے اضافی فیس وصول نہ کرنے اور حفاظتی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت

GOVERNMENT OF PAKISTAN
Ministry of Federal Education & Professional Training
Private Educational Institutions Regulatory Authority
(PEIRA)
F.No. 4-1/21/PEIRA/AHD/PEIA/78 Islamabad: the 9th June, 2026.

NOTIFICATION

In pursuance of powers conferred under Section 5 of International Capital Territory Private Educational Institutions (Registration & Regulation) Act, 2015, the Competent Authority has been pleased to allow for all Private Educational Institutions (Schools & Colleges) operating within the jurisdiction of International Capital Territory to establish Summer Camps for curricular activities during summer vacation from 06.06.2026 to 06.07.2026 as the following terms and conditions:

i. Summer Camps may only be conducted from Monday to Thursday, Friday will be off.
ii. The summer camps are allowed for all classes.
iii. The summer camps can only be held during 07:00 am to 10:00 am.
iv. No extra / additional fee will be charged by the Schools for summer camps.
v. The school administration shall ensure that all activities / classes will be conducted in classrooms / indoor.
vi. Participation in the summer camps shall not be mandatory for students.
vii. Consent of the parents will be necessary.
viii. The school administration shall ensure availability of basic essential amenities e.g. cleanliness, clean & cool drinking water, fans, sitting arrangements, electricity back-up in case of load shedding etc.
ix. The school administration shall ensure first aid box with sufficient necessary supplies.
x. All participants of summer camps are exempted from wearing uniforms.

2. The management of Private Educational Institutions (PEIs) are directed to ensure compliance of above mentioned instructions, for establishment of Summer Camps in letter and spirit.

(Muhammad Javed Iqbal)
Secretary PEIRA

The Chief Executive Officers / Principals
Private Educational Institutions,
Islamabad Capital Territory,
Islamabad.

Copy for information:
- Deputy Secretary (IT), MoFEPT
- Section Officer (Org), MoFEPT
- PS to Secretary, MoFEPT
- Member Academia, ICT PEIRA
- Member Registration, ICT PEIRA
- PS to Chairman, ICT PEIRA
- Assistant Director (IT), ICT PEIRA

اسلام آباد (پی پی اے) وفاقی دارالحکومت میں اسکولوں کو 8 جون سے 8 جولائی 2026 تک سمر کیمپس کے انعقاد کی اجازت دے دی گئی ہے نوٹیفکیشن کے مطابق طلبہ سے کسی قسم کی اضافی فیس وصول نہیں کی جائے گی سمر کیمپس پیر سے جمعرات صبح 7 بجے سے 10 بجے تک جاری رہیں گے جبکہ جمعہ کو تعطیل ہوگی انتظامیہ نے اسکولوں کو طلبہ کے لیے ٹھنڈے ماحول صاف پانی اور طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے حکام کے مطابق سمر کیمپس تعلیمی ہم نصابی اور تخلیقی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے منعقد کیے جائیں گے جبکہ شدید گرمی کی صورت میں ضروری حفاظتی اقدامات کیے جائیں وفاقی دارالحکومت میں اسکولوں کو 8 جون سے 8 جولائی 2026 تک سمر کیمپس کے انعقاد کی اجازت دے دی گئی ہے نوٹیفکیشن کے مطابق طلبہ سے کسی قسم کی اضافی فیس وصول نہیں کی جائے گی سمر کیمپس پیر سے جمعرات صبح 7 بجے سے 10 بجے تک جاری رہیں گے جبکہ جمعہ کو تعطیل ہوگی انتظامیہ نے اسکولوں کو طلبہ کے لیے ٹھنڈے ماحول صاف پانی اور طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

محرم الحرام کے انتظامات کیلئے ضلعی انتظامیہ اور پولیس کا خصوصی اجلاس

امن و امان اور مذہبی ہم آہنگی کیلئے جامع سیکیورٹی پلان تشکیل



سیالکوٹ: (عشرت انصاری) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کی زیر صدارت محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے لائسنس ہولڈرز و منتظمین کا خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نعیم بشیر، ایڈیشنل ایس پی حسیب، کوآرڈینیٹر ضلعی امن کمیٹی حافظ اصغر چیمہ، انچارج سیکورٹی برانچ حافظ محمد سعید، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز، امن کمیٹی کے اراکین، لائسنس ہولڈرز اور مجالس و جلوسوں کے منتظمین نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن و امان کا قیام ہم سب کی مشترکہ اور اولین ذمہ داری ہے۔ ضلعی انتظامیہ جلوسوں اور مجالس کے تمام روٹس پر پیچ ورک، سٹریٹ لائٹس، صفائی ستھرائی، سینی ٹیشن، نکاسی آب اور دیگر شہری سہولیات کے بہترین انتظامات یقینی بنائے گی تاکہ عزاداران کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور ہم آہنگی کے ساتھ فرائض سرانجام دیں گے اور محرم الحرام کے پرامن انعقاد کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے اور گزشتہ سال کی طرح امسال بھی حکومت کی جانب سے سبیلوں کا اہتمام کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن و امان، بین المسالک ہم آہنگی، سیکیورٹی انتظامات اور ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) دوست محمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام جلوسوں اور مجالس کے منتظمین مقررہ قواعد و ضوابط اور اوقات کار کی سختی سے پابندی کریں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ضلع سیالکوٹ ہمیشہ امن و بھائی چارے کا گہوارہ رہا ہے، محرم میں نئے جلوس، مجلس یا ایونٹ کی اجازت نہیں دی جائے گی اور تمام پروگرام روایتی شیڈول کے مطابق منعقد ہوں گے۔ ڈی پی او نے کہا کہ جن افراد کے ضلع میں داخلے پر پابندی عائد ہے یا جن کے خلاف زبان بندی کے احکامات موجود ہیں، انہیں کسی بھی مجلس یا جلوس میں مدعو نہ کیا جائے۔ سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد، اشتعال انگیزی اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو متاثر کرنے والی سرگرمیوں کی ہرگز اجازت نہیں ہوگی اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش سیکیورٹی چیلنجز کے پیش نظر فول پروف سیکیورٹی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ تمام منتظمین اپنے ر